روحانی وجسمانی امراض نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں
April-2015
ماہنامہ
خزینہ روحانیات
لاہور
جلد نمبر 5 | شمارہ نمبر 12
قیمت شمارہ
80 روپے
نواں خاص نمبر
"حفاظت نمبر"
ہر شر سے پناہ کی خاص دعا... دعائے استعاذہ
لوح مبارک برائے روحانی حفاظت
صدقات سے حفاظت
اللہ جل جلالہ کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا
میرا سالہا سال کا سفر میں حفاظت کا وظیفہ
ایمانی، روحانی، جسمانی حفاظت کے لیے مسنون دعائیں
غلط لوگوں اور دشمنوں کی نظر سے پوشیدہ رہنے کا ایک خاص عمل
ہر برائی، شر اور تمام موذی چیزوں سے حفاظت کے خاص الخاص اعمال
اولیائے کرام، بزرگانِ دین، اکابرین علمائے کرام اور عاملین کاملین کے حفاظت کے مجرب اعمال

دار العمل چشتیہ
کی روحانی علاج گاہ کی
خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جا رہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہو سکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہو جانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہو کر یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہو جانا، ناجائز مقدمہ کر دینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کر لینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی شرارتیں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہو کر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، وحشت، وہم، وسواس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، email کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کریں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

مولانا محمد عرفان 0321-4661681 (اوقات: دوپہر 2 تا 5 بجے علاوہ جمعہ و اتوار)

سید عامر علوی 0300-8439477 (اوقات: دوپہر 3 تا 9 بجے علاوہ جمعہ و اتوار)

روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhaniilajgah

ruhaniilajgah.blogspot.com

darulamalchishtia@gmail.com

حفاظت نمبر

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: magazine@darulamal.org
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات

لاہور

جلد 5 جمادی الثانی ۱۴۳۶ھ ...... اپریل 2015ء شمارہ 12

قیمت خاص نمبر	سالانہ ممبرشپ عام ڈاک	سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک
80 روپے	650 روپے	900 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ موبی کیش (موبی لنک)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437772721 ...... یو پیسہ 33343082867
موبی کیش 03028401977 ۔ یو بی ایل اومنی 03437772772

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: **darulamal.org/payment**

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین......اپریل ۲۰۱۵ء......جمادی الثانی ۱۴۳۶ھ

معذرت

حفاظت نمبر کے لیے کافی مضامین موصول ہوئے۔ کچھ معیاری نہیں تھے۔ کئی معیاری تھے اور ہم چھاپنا بھی چاہتے تھے، خاص کر قارئین کے تجربات ...... مگر چند بڑے مضامین کی وجہ سے جگہ نہیں رہی اور وہ مضامین بھی اپنی نوعیت کے اعتبار سے انتہائی اہم تھے، اس لیے جگہ نہ ہونے کی وجہ سے مضامین اور تجربات چھپ نہ سکے۔

ایسے تمام افراد سے ہم معذرت خواہ ہیں، جن کے مضامین اور تجربات حفاظت نمبر میں شائع نہ ہو سکے۔ ان شاء اللہ، آئندہ شماروں میں شائع کر دیے جائیں گے۔ (مدیر)

اداریہ

مولانا علی آفاق

اللہ تعالیٰ شانہٗ کا جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے کہ اس کے خاص فضل واحسان سے ہم خزینہ روحانیات کا نواں خاص نمبر شائع کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ادارہ کی ہمیشہ سے ترجیح رہی ہے کہ قارئین کو معیاری، علمی مضامین اور قیمتی اعمال سے روشناس کرایا جائے اور قارئین کے حوصلہ افزاء خطوط اور علمی حلقوں کی طرف سے بھرپور پذیرائی اسکا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس پر ہم اپنے جملہ قارئین، مضمون نگار دوست اور اراکین خزینہ روحانیات کے شکر گزار ہیں۔ ہمارا یہ خاص نمبر "حفاظت نمبر" ہے۔ روحانی علوم میں علمی موشگافیوں سے ہٹ کر حقیقی تصور تین بنیادی اشیاء ہیں۔

1 تشخیص 2 علاج 3 حفاظت

لوگ تشخیص بھی کر لیتے ہیں یا کروا لیتے ہیں۔ بعض لوگ علاج بھی کر لیتے ہیں اور کروا لیتے ہیں مگر تیسری اہم چیز "حفاظت" سے عموماً غفلت برتنے میں مریض اور عامل دونوں ہی یکساں طور پر مجرم ہیں۔

علاج کرنے والے عاملین اور مریض وظائف پڑھتے اور پڑھاتے رہتے ہیں۔ مگر "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی" کے مصداق بنتے ہوئے تو وظیفہ ترک کیا جاتا ہے اور نہ ہی بدلا جاتا ہے اور نہ ہی تشخیص کروانے کی زحمت کی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے جادو معمولی ہے، جان لیوا ہے یا پھر خاندانی نظام کی تباہی پر منتج ہوتا ہے۔ اس کی کوئی پرواہ نہیں ہوتی۔ مثلاً 15 سال سے منزل کا مبارک عمل پڑھا جا رہا ہے مگر حالات نہ صرف بدتر ہو رہے ہیں بلکہ دن بدن معاشی مسائل کے ساتھ خاندانی ناچاقی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اب اگر کسی منزل کے عمل کے حقیقی جناتی عامل سے اجازت لیکر یا ہمارے ادارے سے چلہ کشی کی جاتی تو ایک ہفتہ میں ہی اپنی آنکھوں سے منزل کے کرشماتی عمل کے اثرات دیکھتے۔

اس لئے جادو، جنات کے ماہر، تسخیر کے ماہر، ہمزاد کے ماہر یا دیگر دلی خواہشات کو پورا کرنے کی بجائے حصار اور حفاظت کو یقینی بنائیں، تاکہ مریض روز، روز عامل کے دروازے پر نہ آئے اور تکالیف سے محفوظ رہے۔

میرا موقف اور گزارش یہ ہے کہ علاج کے بعد حصار، حفاظت اور دفاع پر بھرپور توجہ حقیقی اور کلی شفاء میں اہم کردار ادا کرتا ہے، دفاع صرف وظائف دیکھ کر، بتا کر، چھاپ کر اور پڑھ کر ہرگز ممکن نہیں۔ اس کے لئے بھرپور راہنمائی اور باریک بینی سے عمل تجویز کروانا، عامل کامل سے کسی عمل کی خصوصی اجازت اور چلہ کشی کر لینا اور پھر حالات کے اعتبار سے تدریجاً دفاع کو مضبوط بنانا آپکی روحانی حفاظت کا سبب کے درجے میں انتہائی مجرب ہے۔ ورنہ دوسری صورت میں عامل برا، عملیات برے وظائف بے کار قرار دینے سے دنیا کے ساتھ آخرت کے برباد ہونے کا خطرہ ہے۔

اللھم احفظنا منہ

الحمد اللہ ہمارے ادارے سے حفاظت کے حصار، علاج اور تشخیص کی تربیت حاصل کی جا سکتی ہے آخر میں جناب حکیم غلام سرور شباب صاحب کے علمی اور نایاب مضمون پر شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔ اللہ ہم سب کو ان کے علوم سے منتفع فرمائے۔

دیگر بے شمار مضامین اور مفید کالم وغیرہ جو اشاعت میں شامل نہیں ہو سکے۔ ان کے لکھاری دوستوں سے معذرت اور دل چھوٹا نہ کرنے کی درخواست کے ساتھ وعدہ ہے کہ وہ آئندہ حفاظت کے موضوع پر خاص نمبر میں شائع کئے جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ اس "حفاظت نمبر" کو بھی پہلے "خاص نمبرز" کی طرح شرف قبولیت سے نوازیں۔ آمین

والسلام

سیدی و مرشدی شیخ و مربی عارف باللہ شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی دامت برکاتہم العالی کا حفاظت کیلئے ایک خاص وظیفہ

خالد مقبول حفظہ اللہ

روزانہ صبح فجر کے بعد اور شام مغرب کے بعد مذکورہ دعائیں پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ تمام آفات سے حفاظت فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

گھر سے نکلتے وقت یہ آیات پڑھ لینے سے ان شاء اللہ آفات و حوادثات سے حفاظت رہے گی۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿١٠٨﴾ (النحل: 108)

إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَنْ يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ﴿٥٧﴾ (کہف: 57)

يس ﴿١﴾ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ ﴿٢﴾ إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٣﴾ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ﴿٤﴾ تَنْزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَا أُنْذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَىٰ أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٧﴾ إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ﴿٩﴾ (یٰس: 1-9)

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَنْ يَهْدِيهِ مِنْ بَعْدِ اللَّهِ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٣﴾ (الجاثیہ: 22)

از حضرت مفتی شفیع صاحبؒ معارف القرآن، جلد: 5 صفحہ: 491

دعاءِ انس

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو شیطان، ظالم سلطان اور درندوں سے حفاظت کے لیے یہ دعا تعلیم فرمائی:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلَىٰ نَفْسِيْ وَدِيْنِيْ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ أَعْطَانِيْ رَبِّيْ، بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْأَسْمَاءِ، بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ دَاءٌ، بِسْمِ اللّٰهِ افْتَتَحْتُ، وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ، اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهِ أَحَدًا، أَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ الَّذِيْ لَا يُعْطِيْهِ أَحَدٌ غَيْرُكَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ، اِجْعَلْنِيْ فِيْ عِيَاذِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ سُلْطَانٍ وَمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَحْتَرِسُ بِكَ مِنْ شَرِّ جَمِيْعِ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ خَلَقْتَهُ، وَأَحْتَرِزُ بِكَ مِنْهُمْ وَأُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيَّ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، اَللّٰهُ الصَّمَدُ، لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ، وَمِنْ خَلْفِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَعَنْ يَمِيْنِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ وَعَنْ يَسَارِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ وَمِنْ فَوْقِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ

(عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی ص: 168)

مصائب و حادثات سے حفاظت کی دعا

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ان کلمات کو صبح کے وقت پڑھ لے گا تو شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچ سکتی اور جو شام کو پڑھ لے گا تو صبح تک اسے کوئی مصیبت نہیں پہنچ سکتی۔ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَأَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ، مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّيْ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ۔ (عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی ص 30)

اللہ جل جلالہ کے امرِ کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا

خالد مقبول حفظہ اللہ

میرا روحانی علاج کے شعبہ سے بیس سال سے زائد کا تعلق ہے۔ کئی طرح کے مریضوں سے واسطہ پڑا۔ ان مریضوں میں عقیدہ کے حوالے سے جو غلط باتیں دیکھیں، ان میں ایک اہم غلطی "اللہ ﷻ کو حقیقی طور پر نفع و نقصان کا مالک نہ ماننا ہے"۔ کئی پڑھے اور مذہبی افراد بھی زبانی طور پر تو اقرار کرتے ہیں مگر حقیقت سے واقف نہیں یا ان کا عقیدہ ابھی مضبوط نہیں۔

خاص کر جادو اور جنات کے مریضوں میں یہ بات بہت زیادہ دیکھنے میں آئی۔ جادو کرواتے والے، کرنے والے یعنی جادوگر اور جنات و شیاطین سے نقصان پہنچنے کا حد سے زیادہ خوف بلکہ یقین ہوتا ہے کہ وہ عمل کریں گے اور ہم پر اثر ہو جائے گا یا جنات ہم پر حملہ کریں گے اور ہم پر اثرات آئیں گے یا نقصان ہو جائے گا۔

اسی لیے ضروری سمجھتا ہوں کہ اس عقیدہ کی صحیح تشریح ہو جائے اور عقیدہ صحیح اور مضبوط ہو جائے۔

وضاحت کے لیے بنیادی بات سمجھنا ضروری ہے۔ وہ یہ کہ جب بھی ہمارے نفع یا نقصان کے لیے کوئی تدبیر کرتا ہے تو اس کے بعد "امرِ ربّی" یعنی "اللہ کا فیصلہ" ہوتا ہے کہ ہم کو کتنا نفع پہنچے یا کتنا نقصان؟ پھر جو فیصلہ ہوتا ہے، وہی عملی طور پر ہوتا ہے۔ اس کو درج ذیل مثالوں سے سمجھیں:

1. ایک صورت یہ کہ کسی جادوگر نے ہمارے خلاف عمل کیا۔ اپنی طرف سے اس نے بہت مضبوط عمل کیا۔ اب "امرِ ربّی" یہ ہے کہ 100% کی جگہ صرف 20% اثر ہو تو جادو خود بخود 80% ضائع ہو جائے گا اور ہم پر لازمی 20% اثر ہوگا۔

2. دوسری صورت یہ کہ کسی جادوگر نے ہمارے خلاف عمل کیا۔ اپنی طرف سے اس نے بہت مضبوط عمل کیا۔ اب "امرِ ربّی" یہ ہے کہ 100% اثر ہو تو ہم پر لازمی 100% اثر ہوگا۔ چاہے جتنے مرضی حفاظت کے اعمال ہم لوگ پڑھتے رہیں۔ یعنی پورا اثر ہوگا۔

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر 100% ہم پر جادو کا اثر ہوتا ہے تو پھر حفاظتی اعمال پڑھنے کا کیا فائدہ؟

اس کا جواب یہ ہے کہ "امرِ ربّی" میں بہت حد تک آپ کے اعمال اور نیت کا دخل ہوتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرا بندہ میرے بارے میں جیسا گمان رکھتا ہے، میں اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں۔ اگر وہ میرے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہے تو میرا معاملہ اس کے ساتھ ویسا ہی ہے اور اگر وہ میرے بارے برا گمان رکھتا تو میرا معاملہ اس کے ساتھ ویسے ہی ہے"۔ {مسند احمد اور صحیح ابن حبان}

جب آپ عمل کرتے ہیں اور بے یقینی کی کیفیت سے کرتے ہیں تو "امرِ ربّی" میں آپ کے یقین کے مطابق فیصلہ ہوتا ہے۔ اور جو جادو یا جن آپ کو نقصان دینے کے لیے آ رہا ہوتا ہے، اس کو آپ کو نقصان دینے کے لیے جانے دیا جاتا ہے۔ کتنے مریض ایسے دیکھے جن کا یقین ہوتا ہے کہ فلاں شخص عمل کرتا ہے اور ہمیں نقصان ہوتا ہے۔ ان کی زبان پر یہ نہیں آتا کہ اللہ ﷻ کی مرضی سے ہم کو تکلیف پہنچی ہے۔ اللہ ﷻ کو تو وہ بیچ سے ہی نکال دیتے ہیں۔ بس وہ ہیں اور جادوگر۔ جادوگر حملہ کرتا ہے اور ان پر اثر ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں کو اسی حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

دوسری طرف وہ لوگ بھی ہیں جو عمل کرتے ہیں اور اللہ ﷻ پر یقین رکھتے ہیں کہ وہ حفاظت فرمائیں گے۔ اور یقین بھی کامل درجہ کا رکھتے ہیں۔ ان کے

ساتھ اسی نیت کے مطابق فیصلہ ہوتا ہے۔ اس کی بہت بڑی مثال ہمیں اس واقعہ سے ملتی ہے۔ حضرت طلق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "ایک شخص حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ "آپ کا مکان جل گیا"۔ فرمایا: "نہیں جلا"۔ پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا "نہیں جلا"۔ پھر تیسرے شخص نے یہی خبر دی تو آپ نے فرمایا "نہیں جلا"۔ پھر ایک اور شخص نے کہا: اے ابودرداء! آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آگ آپ کے مکان تک پہنچی تو بجھ گئی۔ فرمایا: مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے، شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لیے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا۔ وہ کلمات یہ ہیں: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ .... صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ"۔

یہاں صرف حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کا یقین تھا، جس کے مطابق اللہ ﷻ نے فیصلہ فرمایا۔

خود اللہ ﷻ نے قرآن میں ارشاد فرمایا ہے کہ

*......مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

"اللہ جو رحمت لوگوں کے لیے کھول دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے وہ روک دے، اس کے بعد اسے کوئی جاری رکھنے والا نہیں۔ اور وہ سب پر غالب اور بڑی حکمت والا ہے"۔

حفاظت بھی ایک رحمت ہے۔ اگر اللہ ﷻ کی رحمت سے ہماری حفاظت ہو رہی ہے تو کون ہے جو اس پر غالب آسکتا ہے؟

*......قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ (سورۃ التوبۃ)

"آپ کہہ دیجئے کہ ہمیں ہرگز کوئی مصیبت نہیں پہنچ سکتی سوائے اس کے جو اللہ نے ہمارے حق میں لکھ دی ہے۔ وہی ہمارا کارساز ہے اور مومنوں کو تو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے"۔

اسی طرح رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ارشاد گرامی ہے:

"اور اس بات پر یقین کرلو کہ اگر پوری امت جمع ہو کر تجھے نفع پہنچانا چاہے تو نہیں پہنچا سکتی سوائے اس کے جو اللہ نے تمہارے حق میں لکھ دیا ہے۔ اور اگر پوری امت جمع ہو کر تمہیں نقصان پہنچانا چاہے تو نہیں پہنچا سکتی سوائے اس کے جو اللہ نے تمہارے حق میں لکھ دیا ہے"۔ (ترمذی 2516)

سمجھدار کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔ اللہ ﷻ کی مرضی کے بغیر ہمیں نہ نفع پہنچ سکتا ہے، نہ نقصان۔ کسی بھی غیر اللہ سے نہ نفع کی امید رکھنی چاہیے اور نہ ہی اس سے کسی نقصان کا خوف کھانا چاہیے۔ کیونکہ غیر اللہ سے اس بات کا خوف کھانا کہ وہ اپنے ارادے اور اپنی قدرت سے جس کو چاہے اور جو چاہے نقصان پہنچا سکتا ہے، یہ شرک اکبر ہے۔ افسوس کہ اس وقت بہت سے افراد اس میں مبتلا ہیں۔ وہ جادوگر یا جن کو ایسا ہی سمجھتے ہیں کہ وہ نفع یا نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اللہ ﷻ کا خیال بھی ان کو نہیں آتا۔ یہ مرض صرف مریضوں میں نہیں بلکہ عاملین میں بھی بہت زیادہ ہے۔ میں کئی ایسے عاملین کو جانتا ہوں جو اسی خوف میں رہتے ہیں کہ فلاں عامل ہمارے اوپر عمل کر کے نقصان پہنچا رہا ہے۔ جنات ہمارے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور مسلسل نقصان ہو رہے ہیں۔

پنجابی کے مشہور شعر ہیں

جا کو راکھے سائیاں مار سکے نہ کوئی
بال نہ بانکا کر سکے جب سب جگ بیری ہوئی

اسی کو دوسرے الفاظ میں یہ کہا جاتا ہے کہ "جسے اللہ رکھے، اسے کون چکھے"۔

اپنا عقیدہ درست کیجئے۔ اللہ ﷻ پر یقین رکھتے ہوئے عمل کریں، وظائف پڑھیں، تدابیر کریں۔ یہ بات کبھی ذہن سے نہ نکلے کہ ہماری تدبیر پر نتیجہ مرتب ہوا یا ہوگا۔ تدبیر کرنا آپ کا کام۔ نتیجہ، جو اللہ ﷻ کی مرضی ہوگی، وہی مرتب ہوگا۔ اللہ ﷻ ہم سب کو یقینِ کامل عطا فرمائیں اور ہمارے تمام عقائد درست فرمادیں۔ آمین

فہرست کتب مکتبہ العارف

نادر کتب عملیات، تعویذات، وظائف، حاضرات، رمل، جفر، نجوم، پامسٹری، جنات، جادو، آسیب وغیرہ (فوٹوسٹیٹ مجلد)

روحانی، عملیاتی، طبی اور تصوف کے موضوع پر فوٹوسٹیٹ کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں۔ اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	تعارف کتاب	قیمت
تعویذات بے نظیر	(جناب سید ذوالفقار علی شاہ اجمیری) وظائف وعملیات پیران پیر، کتاب میں خاص طور پر اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ محبت تسخیر اور دوسرے مقاصد کے لیے آسان اور پر تاثیر مجرب عملیات شامل کیے جائیں۔	280
تاثیر کلام اللہ	سید رشید احمد اجمیریؒ۔ عملیات قرآن مجید، بزرگان دین کے قیمتی تجربات، برائے حل المشکلات، کشائش رزق، عملیات سورۃ فاتحہ، ختم خواجگان، ختم قادریہ، عملیات سورۃ یاسین ودیگر سورۃ قرآن، فالنامہ عجیب، عملیات امراض وآسیب، متفرق عملیات، محبت ودشمنی، ادائیگی قرض وغیرہ وغیرہ۔	255
تحفۃ الرسول ﷺ	(میاں عبدالرزاق مدنی) پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ شہنشاہی نسخہ جات وعملیات، بیماریوں کا روحانی علاج	300
جواہر التعویذات	(محمد عنایت اللہ لاہور) اسماء الحسنیٰ کے معانی، عملیات، موکلات، نقوش اور تعویذات کا نادر مجموعہ (1878ء لاہور)	240
جامع الانوار و کاشف الاسرار	حکیم عبدالوحید خان مضطر لکھنوی۔ علم نقوش و تعویذات (بمبئی)	410
جملۃ المقاصد (اکسیر القلوب)	میاں شفیق حسین قادری چشتی۔ نہایت آسان زبان میں ستاروں کی سعد ونحس ساعتوں کا ذکر، ستاروں کی رفتار، دوستی ودشمنی، ازدواجی نمبر وعناصر کا بیان نیز اعمال درج ہیں اور سو فیصد مجرب اور کامیاب ہیں۔	340
جواہر العلوم (اردو)	علامہ طنطاوی جوہری مصری کی مشہور ومعروف عربی کتاب کا اردو ترجمہ، مترجم: مولوی عبدالرحیم صاحب (بمبئی 1941ئ)	385
جادو کے تماشا کی تیسری کتاب (شعبدہ بازی)		250
جادو پرکاش	(منشی غلام نبی) جادو کے کھیل، شعبدہ بازی (1913ء نولکشور)	255
جوتش سار مالا	(پنڈت کرشن کمار جتیلی) علم نجوم کی نادر کتاب	385

نام کتاب	تعارف کتاب	قیمت
جامع العلوم اردو (ستینی) ساٹھ علوم والی کتاب	(امام فخرالدین رازیؒ) ساٹھ علوم کا تعارف معہ باون علوم حکیم بو علی سینا، ہر ایک علم کا تفصیلی تعارف	480
جامع الاسرار (روحانی)	(حکیم محمد رفیق حجازی) اپنی نوعیت کی لاثانی کتاب جس میں عملیات، وظائف، روحانیات کو جامع اور مفصل بیان کیا گیا ہے۔	255
جواہر الحروف	سید ابوالحسن محمد عبداللہ صدیقی	240
جوہر سلیمانی	گلشن مراد۔ عامل لاثانی عبداللہ شاہؒ	325
جنات حصہ اول	رئیس امروہوی	255
جادوگروں کا بادشاہ	استاد کی مدد کے بغیر چند دنوں میں فن جادو (شعبدہ بازی) رہبر شعبدہ بازی سیکھنے کے لیے با تصویر اور آسان کتاب	360
چشمہ فیض (کلید کامیابی)	(سید شاہ بخاری) زیارت حضور سرور دو عالم ﷺ، دست غیب، اسناد وخواص سورۃ مزمل شریف، جادو وتلوار کا توڑ، قید سے رہائی، عورت کی خواہش، جلد شادی ہونا، دردزہ، حمل، عشق ومحبت، بغض وجدائی، دشمن سے انتقام، خواب بندی، چور کی پہچان، سانپ، بچھو کتے کاٹے کے منتر، عملیات برائے امراض، دولت مند بننے، کشائش رزق، مصائب ومشکلات، خواص الحروف، خواص الایام، وظائف استخارے، اعمال سورۃ یاسین، سورۃ رحمٰن، سورۃ تغابن، سورۃ ملک، اسبوع مقدس وغیرہ	325
چشمہ طلسم وبحر طلسم (رام پرشاد عامل لکھنوی)	عجائبات طلسم، وشی کرن، قوت باہ وامساک، خضاب، طلزات، جانوران موذی، شعبدات، غائب ہونا، شکلیں بدلنا، حب وبغض جن پری سے ملاقات، طریق ہمزاد، حب وبغض فتوحات رزق، خواب بندی، دریافت چور، دفع آسیب، قابو کرنا، شیشہ میں اتارنا، امراض نسواں حاضرہ وغیرہ۔ (لاہور 1922ئ)	325
حزب البحر	(الحاج سید محبوب علی شاہ قادری چشتی)	200
حقیقت نجوم	(نجم الملک غلام سبطین قریشی) علم نجوم کی بہترین کتاب	425
حاضرات ارواح (حصہ اول)	(رئیس امروہوی)	300

رابطہ المکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، لاہور
042-35410586, 0322-4773786, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

روحانی درسگاہ

میں روحانی حفاظت کے لیے سکھائے جانے والے اعمال

بغیر فیس والے اعمال

عوام: (1) آیت الکرسی (2) معوذتین (3) عمل حفاظت یا حافظ یا حفیظ (4) حصار کا بنیادی عمل

خزینہ روحانیات کے ممبران: (1) حصار کا خاص عمل (2) دعائے حزب البحر (3) دعائے حزب النصر (4) درود تنجینا (5) منزل (پہلے درجہ کا عمل)

علمائے کرام: (1) دعائے حزب البحر (2) دعائے حزب النصر (3) درود تنجینا (4) منزل (پہلے دو درجوں کے عمل) (5) معوذتین کا خاص عمل (6) عمل تہدیدی نامہ مبارک (7) جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت کا خاص عمل (8) آیت الکرسی کا خاص عمل

خواتین: (1) آیت الکرسی (2) معوذتین (3) عمل حفاظت یا حافظ یا حفیظ (4) حصار کا بنیادی عمل

فیس والے اعمال

عمل	فیس
منزل	2100
حصارِ خاص	2100
حصارِ قرآنی کبیر	2100
سات سلام چہل کاف	5100
علم الدفاع کورس (بنیادی)	5000
امنت باللہ کا عمل	6100
آیت الکرسی با موکل	8100
سورۃ مزمل با موکل	15000
سورۃ جن با موکل	15000
علم الدفاع کورس (ماہر)	10000

مزید کئی طرح کے روحانی حفاظت کے اعمال سکھائے جاتے ہیں

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhanidarsgah
+ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ و اتوار)

darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com

ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah icq +92-322-7772772

صدقات سے حفاظت

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب مدظلہ

صدقہ وخیرات اصطلاح شریعت میں وہ عطیہ ہے جو اللہ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کے لئے حصول ثواب کی نیت سے اس کی راہ میں خرچ کیا جاتا ہے صدقات وخیرات انسانی زندگی میں پیش آنے والے تمام آفات ومصائب کے ٹلنے روحانی وجسمانی بیماریوں کے خاتمہ، رزق وعمر کے بڑھنے، ہرقسم کی برائیوں کے کھلتے دروازوں کے بند ہونے، گناہوں کے اثرات بد سے محفوظ رہنے، فرشتوں کی بددعاؤں اور اللہ تعالیٰ کے غضب وغصہ اور ناراضگی سے بچنے، موت کی سختی سے لیکر قبر کے عذاب، حشر کی گرمی، حساب کی سختی، پل صراط کی تیزی اور جہنم کی دہکتی ہوئی آگ سے خلاصی پانے کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہیں۔

دور حاضر میں جبکہ ہر طرف سے فتنوں اور خطروں، آزمائشوں اور پریشانیوں نے ہر انسان کو گھیرا ہوا ہے ایسی حالت میں ہمیں صدقات وخیرات کی کثرت کرنی چاہیے۔

صدقات سے حفاظت کے متعلق چند

احادیث وواقعات

برائی کے 70 دروازوں سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

الصدقۃ تسد سبعین بابا من السوء۔

صدقہ برائی کے ستر 70 دروازوں کو بند کرتا ہے۔ (بخاری شریف)

آفات وبلیات سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

بادروا بالصدقۃ فان البلاء لا یتخطاھا

صدقہ کرنے میں جلدی کرو کیونکہ بلائیں صدقہ سے آگے نہیں بڑھ سکتیں بلکہ صدقہ سے رک جاتی ہیں۔

مال ودولت کی کمی سے حفاظت

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

ما نقصت الصدقۃ من مال

صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا (بلکہ اس میں برکت ہوتی ہے اور مال بڑھ جاتا ہے)۔

بندش رزق سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں۔

یا ابن آدم انفق انفق علیک (بخاری)

اے انسان تو میری راہ میں خرچ کر میں تیرے اوپر خرچ کرونگا!

فرشتوں کی بددعا سے حفاظت

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ روزانہ آسمان سے 2 فرشتے اترتے ہیں ان میں سے ایک صدقہ کرنے والے کیلئے دعا کرتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا ۔ یا اللہ اسکو نعم البدل عطا فرما۔ دوسرا فرشتہ بخیل کیلئے بددعا کرتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُمْسِکًا تَلَفًا ۔ یا اللہ بخیل کے مال کو نقصان پہنچا اور اس کو برباد کر!۔ (بخاری)

اللہ کے غضب سے حفاظت

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

الصدقۃ تطفیٔ غضب الرب

صدقہ اللہ کے غضب (غصہ) کو ٹھنڈا کرتا ہے۔

نحوست گناہ سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

الصدقة تطفی الخطیئة کما یطفئی الماء النار

صدقہ گناہوں کو ایسے بجھا دیتا ہے جس طرح پانی آگ کو بجھاتا ہے۔

بری موت سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

ان الصدقة تدفع میتة السُوء

صدقہ بری موت سے بچاتا ہے (مسند احمد)

محشر کی گرمی سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

کل امری فی ظل صدقته یوم القیامه

صدقہ کرنے والے پر قیامت کے دن اس کا صدقہ سایہ فگن ہوگا۔

(قیامت والے دن جب سورج بہت قریب ہوگا کوئی سایہ نہ ہوگا)۔

عذاب جہنم سے حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

تصدقوا فان الصدقة فکا کم من النار

صدقہ کیا کرو کیونکہ صدقہ تمہیں دوزخ سے بچالے گا!

اولاد کی حفاظت

سائل نے صدا لگاتے ہوئے ایک دروازے پر دستک دی۔ عورت نے اپنے حصے کی رکھی ہوئی روٹی سائل کی جھولی میں ڈال دی۔ علی الصبح وہ عورت خاوند کے پاس کھیتوں میں جا رہی تھی اس کی گود میں اس کا چھوٹا بیٹا تھا۔ اچانک سامنے سے ایک بھیڑیا آکر اس عورت پر جھپٹا اور اس کے معصوم بیٹے کو اپنے منہ میں ڈال کر بھاگ اٹھا۔ عورت نے آسمان کی طرف دیکھا اور کہا یا اللہ میرا بیٹا بچالے! ایک فرشتہ آیا اس نے آکر بھیڑیے سے بچہ لے کر عورت کو واپس کرتے ہوئے کہا یہ لقمہ اس لقمے کا بدلہ ہے جو تم نے اللہ کے نام پر سائل کو دیا۔ یعنی صدقے کی برکت سے اللہ نے اس کے بچے کی زندگی کو بچالیا۔

بیماری سے حفاظت

ایک شخص گردے میں پتھری کی وجہ سے شدید تکلیف میں تھا ڈاکٹروں نے آپریشن تجویز کر دیا۔ اکلوتا بیٹا نئی ملازمت کی پہلی تنخواہ پا کر خوشی سے جھومتا والد کے آپریشن کے اخراجات کا حساب لگاتا ہوا آرہا تھا۔ کہ اچانک اس کے ذہن میں صدقے کا خیال آیا تو اس نے تنخواہ کی ساری رقم والد صاحب کی شفایابی کی نیت سے اللہ کے راستے میں خرچ کر دی۔ گھر پہنچ کر اس کی خوشی کی انتہا ہی نہ رہی جب اس نے والد صاحب کو خوش وخرم اور پرسکون دیکھا والد صاحب کہنے لگے بس بیٹا تھوڑی دیر پہلے درد ایسے غائب ہوگیا جیسے کبھی ہوا ہی نہ تھا۔ بے شک اللہ کے نبی کا فرمان عالیشان برحق ہے کہ داوو مرضا کم بالصدقة

''اپنے بیماروں کا علاج صدقہ سے کرو''۔

بری تقدیر سے حفاظت

ایک دفعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے حواریوں کے ساتھ تشریف فرما تھے۔ ایک دھوبی کپڑوں کی گٹھڑی اٹھائے سلام کرتا ہوا گزرا۔ حضرت عیسیٰؑ نے حواریوں سے کہا کہ اس دھوبی کے جنازے میں ظہر کے بعد سب آجانا! مقررہ وقت پر حضرت عیسیٰؑ اپنے حواریوں کے ساتھ جب وہاں پہنچے تو بہت حیران ہوئے کہ وہ دھوبی تو زندہ ہے اور کپڑے دھو رہا ہے۔ اتنے میں جبرائیلؑ حاضر خدمت ہوئے اور عرض کیا کہ 3 روٹیوں کے صدقے نے اس کی جان بچالی۔ اس کی گٹھڑی میں زہریلا سانپ تھا جونہی یہ اس کو کھولتا وہ اس کو کاٹ لیتا اور یہ مرجاتا مگر اس کو کھولنے سے پہلے اس نے 3 روٹیاں صدقہ دیں جس کی وجہ سے صدقے نے اس کی بری تقدیر کو بدل کر رکھ دیا اور اللہ نے اس کی جان بچالی!

رزق کے خاتمے سے حفاظت

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور میں ایک آدمی تنگی رزق کا شکار تھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عرض کرنے لگا کہ آپ جب کوہِ طور پر اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کیلئے جائیں تو اللہ تعالیٰ سے عرض کرنا کہ میری قسمت کا رزق مجھے ایک بار اکٹھا ہی عطا فرمادیں تاکہ بجائے روز روز بھوکا رہنے کے چند دن تو سیر ہوکر کھاسکوں۔

اللہ رب العزت نے فرمایا میرے نبی اس کی قسمت و مقدر میں رزق بہت کم ہے اس لئے اس کو تھوڑا تھوڑا مل رہا ہے۔ آپ کے کہنے پر اس کو سب اکٹھا ہی دے دیتا ہوں۔

کچھ عرصے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام جب اس راستہ سے دوبارہ گزرے تو عجیب نظارہ دیکھا ایک بڑی سرائے تعمیر ہے لوگوں کا رش ہے، لوگ آرہے ہیں اور لنگر کھا کر جارہے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ سے عرض کیا کہ یا اللہ آپ تو فرمارہے تھے کہ اس کے مقدر میں بہت کم رزق ہے تو اللہ رب العزت نے فرمایا کہ اے موسیٰ جو میرے ساتھ تجارت کرے اس کو نقصان یا خسارہ کیوں ہوگا۔

یعنی جو میرے راستے میں خرچ کرے۔ میری مخلوق پر خرچ کرے میں اسکے رزق میں اضافہ کیوں نہ کردوں۔

تنگی رزق سے حفاظت

حضرت فاطمہؓ کا بیماری کی حالت میں انار کھانے کو جی چاہا۔ گھر میں فقط ایک ہی درہم تھا حضرت علیؓ شیر خدا انار خریدنے کی نیت سے گھر سے بازار گئے۔ واپسی پر ایک فقیر نے صدا لگائی۔ علی! اللہ کے نام پر کچھ دے جائیں۔ گھر اور جیب میں اس وقت سوائے انار کے کچھ نہیں فقیر کو وہی انار دے دیا۔ اور خالی ہاتھ گھر واپس آگئے۔ ابھی حضرت فاطمہؓ کے پاس پہنچے ہی نہ تھے کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ دروازہ کھولا تو سامنے حضرت عبد الرحمن بن عوف حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے انار کی ایک پیٹی لیکر کھڑے تھے۔ جس میں 9 انار نظر آرہے تھے۔ حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ دسواں انار کہاں ہے۔ انہوں نے آستین ہٹائی تو اس کے نیچے تھا۔ انہوں نے حضرت علیؓ سے پوچھا کہ جب حضور ﷺ نے مجھے انار پکڑائے تو وہاں صرف میں اکیلا تھا۔ اور سیدھا میں آپ کے پاس آرہا ہوں آپ کو کس نے بتلایا کہ انار دس تھے تو حضرت علیؓ نے جواب دیا کہ حضور ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ اللہ ایک کے بدلے 10 عطا فرماتے ہیں میں نے ایک انار صدقہ کیا تو بدلے میں دس ہی ملنے تھے۔ سبحان اللہ اللہ ہمیں بھی ایسا یقین نصیب فرما۔

آخری بات

ان احادیث اور واقعات کی روشنی میں ہمیں بھی چاہئے کہ ہم زیادہ سے زیادہ صدقہ کیا کریں تاکہ اللہ ہماری بھی ہر قسم کی بری تقدیر اور آنیوالے ہر قسم کے خطرات و پریشانیوں سے حفاظت فرمائیں اور ہمارے رزق میں برکت نصیب فرمائیں۔

ایمانی، روحانی، جسمانی حفاظت کیلئے مسنون دعائیں

مرتب: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب مدظلہٗ

کفر و شرک سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ

منافقت سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النِّفَاقِ

ہر برے کام سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَعْمَالِ

ریاکاری سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الرِّيَاءِ

ظلم سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمُ

بداخلاقی سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ سُوْءِ الْاَخْلَاقِ

سخت آزمائش سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ

خطرناک حالات سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

جانی دشمن سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

ذلت و خواری سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ

بدبختی سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ دَرَكِ الشَّقَاءِ

بری تقدیر سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ سُوْءِ الْقَضَاءِ

دشمنوں کے مذاق سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ

شیاطین سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ

عورت کے فتنہ سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَاءِ

فحش کاموں سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَوَاحِشِ

جھوٹ سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكِذْبِ

چغل خوری سے حفاظت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّمِيْمَةِ

غیبت سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْغِیْبَۃِ

بہتان بازی سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُھْتَانِ

برے ہمسائے سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ

برے دوست سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ خَلِیْلٍ مَاکِرٍ

بری اولاد سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَلَدٍ یَّکُوْنُ عَلَیَّ وَبَالًا

سخت بڑھاپے سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکِبَرِ

فقر سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ

فکر وغم سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ

بخل سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ

بزدلی سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ

دل کی سختی سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْقَسْوَۃِ

قرض کے دباؤ سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ

زوال نعمت سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ

گونگے بہرے پن سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَکَمِ

جلنے، ڈوبنے سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ

زہریلے جانور سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا

حریص نفس سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ نَّفْسٍ لَا تَشْبَعُ

موذی امراض سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَیِّئِ الْاَسْقَامِ

ناگہانی موت سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ مَّوْتِ الْفُجَاءَۃِ

عذاب قبر سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

عذاب جہنم سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ

آسمانی کڑک بجلی سے حفاظت
اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِکَ

طبی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
گنجینۂ طبیب (اول تا چہارم)	اصغر علی لدھیانوی	400
بیاض کبیر	علامہ حکیم کبیر الدین	400
مخزن المفردات، خواص الادویہ	علامہ حکیم کبیر الدین	350
حاذق	حکیم اجمل خان	350
مجربات امام سیوطی	علامہ جلال الدین سیوطی	250
مجربات بو علی سینا	ابن سینا	250
جنسی تعلقات کا انسائیکلوپیڈیا	محمد کاشف جاوید	300
مکمل سکیس ایجوکیشن (سو مرض سو علاج)	ڈاکٹر ایم اے فاروقی	250
جنسی بیماریوں کا علاج	پنڈت سادھو رام	250
جنسی زندگی کا انسائیکلوپیڈیا	حکیم حبیب الرحمن	150
جنسی نسخوں کا انسائیکلوپیڈیا	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	250
سیکس پاور	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	600
ہم نے شفا کیسے پائی	سید قیصر مرتضیٰ جعفری	250
نظریہ شادی	ڈاکٹر صدیق ہاشمی	180
ازدواجی خوشیاں	ڈاکٹر صدیق ہاشمی	180
جنسی نسخوں کے کرشمے المعروف شہنشاہی کوک شاستر	پنڈت مکند لعل جی	200
طبی کوک شاستر المعروف لذت النساء	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	200
طبی مشوروں کا انسائیکلوپیڈیا	پروفیسر حکیم نصر اللہ رانا	170
ہومیو پیتھک ٹپس	ڈاکٹر صارم کاشمیری	250
کشمیری کوک شاستر	حکیم بھگت رام	130
کام شاستر	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	120
ورزشوں سے بیماریوں کا علاج		225
بیماریوں کا یوگا علاج		170
پھلوں، سبزیوں اور خشک میوہ جات کے غذائی فائدے	زیر طبع	150
بدہضمی اور السر سے بچیے	ڈاکٹر صارم کاشمیری	140
یوگ فلاسفی اور پریکٹس	ڈاکٹر صارم کاشمیری	300
لہسن اور پیاز سے علاج		190
امراض قلب سے بچیے	ڈاکٹر صارم کاشمیری	160
گھریلو ڈاکٹر	ڈاکٹر صارم کاشمیری	225
ڈپریشن سے بچیے	ڈاکٹر صارم کاشمیری	120
جسمانی بیماریوں سے بچیے	ڈاکٹر صارم کاشمیری	140
شوگر سے بچیے	ڈاکٹر صارم کاشمیری	225
ٹینشن سے بچیے	ڈاکٹر صارم کاشمیری	400
انمول ہومیو پیتھک نسخہ جات	ڈاکٹر صارم کاشمیری	500
گھریلو علاج		250
شہد کا انسائیکلوپیڈیا	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	250
دودھ کا انسائیکلوپیڈیا	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	250
طبی کرشموں کا انسائیکلوپیڈیا	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	350
قدرتی صحت اور یوگا	ڈاکٹر جگدیش چندر شرما	300
کلونجی و شہد سے علاج	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	160
زیتون و شہد سے علاج	حکیم عبدالرحمن کاشمیری	160
کالی مرچ و شہد سے علاج	حکیم عبدالرحمن کاشمیری	150
آسان قدرتی علاج	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	225
پھل و سبزیاں (غذا بھی دوا بھی شفاء بھی)	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	170
پھولوں، پھلوں، سبزیوں اور جڑی بوٹیوں سے علاج	حکیم عبدالرحمن کشمیری	180
غذاؤں سے موٹاپے کا علاج	حکیم عبدالرحمن کشمیری	170
رہبر شباب المعروف خفیہ شاستر	شونا تھ رائے تسکین	140
گھریلو طبی نسخے	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	225
علاج بالغذائی (ڈاکٹر غذا)	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	160
امراض نسواں	حکیم حافظ طاہر محمود بٹ	120
مفید گھریلو غذائی فارمولے	زینب شاہد	250
پھلوں سبزیوں میوہ جات سے علاج	حکیم عبدالرحمن	زیر طبع
گھریلو ڈاکٹر	ہری چند ملتانی	130
تحفۂ شادی	ہری چند ملتانی	150
شباب ہی شباب	ہری چند ملتانی	150
لذت شباب	ہری چند ملتانی	150
ماڈرن طبی انسائیکلوپیڈیا	ہری چند ملتانی	120

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, maktaba@darulamal.org

حفاظت کیلئے درود شریف کے اعمال

مرتب: محمد علیم صاحب

جن، آسیب اور سانپ بچھو موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے درود شریف

صَلَّى اللهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ

فائدہ: اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر بدن پر دم کرلیا کرے تو جن، آسیب اور سانپ بچھو، کوئی بھی موذی جانور اس کو تکلیف نہ دے سکے گا۔ اور نہ کوئی ظالم و سرکش اس پر غلبہ پا سکے گا۔ نیز کثرت سے اس کا ورد کرنا عجیب حفاظتی حصار کی طاقت رکھتا ہے۔

گھر اور سفر میں چور، ڈاکوؤں سے حفاظت کا مجرب درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ كَمَا أَمَرْتَنَا أَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ ۔ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ۔ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ ۔ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ ۔ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ۔

فائدہ: اگر کوئی شخص گھر سے نکلنے سے پہلے یا مسافر سفر میں گیارہ بار یہ درود شریف پڑھ کر اپنے بدن اور مال و اسباب پر دم کرلیا کرے تو ہر طرح کی چوری اور ڈاکے سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھتے ہیں اور ظالم، غاصب اس کی طرف نگاہ بھی نہ اٹھائے گا، نیز رات سونے سے قبل گھر کے چاروں طرف یہ درود شریف دس بار پڑھ کر پھونک دیں تو ان شاء اللہ یہ گھر چوری، ڈاکے سے محفوظ رہے گا اور کوئی بدنیت اس کی طرف رخ نہیں کرے گا، آزمودہ ہے۔

تنگ دستی سے حفاظت کیلئے آزمودہ درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ ۔ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِهٖ مِنْ سَمَاءِ الْقُرْآنِ ۔ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ ۔

فائدہ: یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب یا عشاء ۱۷ بار پڑھ کر دعا کرے تو محتاجگی اور تنگ دستی سے محفوظ رہے گا۔

بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات اور ناگہانی حادثہ سے حفاظت کا نایاب درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعِ الْأُمَّةِ الَّذِيْ أَرْسَلْتَهٗ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَأَوْلَادِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ○ وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ أَفْضَلَ صَلَاةٍ وَّأَزْكٰى سَلَامٍ وَّأَنْمٰى بَرَكَةٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَزِنَةَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَمِلْءَ مَا فِيْ عِلْمِكَ ○ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ ○ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ وَكَرِّمْ كَذَالِكَ كُلِّهٖ أَفْضَلَ صَلٰوةٍ وَّأَزْكٰى سَلَامٍ وَّأَنْمٰى بَرَكَاتٍ عَلٰى جَمِيْعِ الْأَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَأَصْحَابِ كُلٍّ مِّنْهُمْ وَالتَّابِعِيْنَ ○ وَعَلٰى كُلِّ وَلِيِّ اللهِ فِي الْعَالَمِيْنَ ○ وَسَائِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ○ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللهُ ○ وَزِنَةَ مَا عَلِمَ اللهُ ○ وَارْحَمْنَا إِلٰهَنَا بِحُرْمَتِهِمْ أَجْمَعِيْنَ ○ وَاشْفِنَا وَعَافِنَا مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ ○ وَاعْفُ عَنَّا ○ وَعَامِلْنَا بِلُطْفِكَ الْجَمِيْلِ ○ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا بِذُنُوْبِنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ○ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

فائدہ: اگر کوئی شخص کسی ایسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے جس سے خلاصی کی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے محض اپنے لطف و کرم کے ساتھ خلاصی عطا فرما دیتے ہیں۔ نیز اگر کوئی اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد پابندی سے کم از کم ایک بار پڑھ لیا کرے تو اچانک حادثات اور ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔

اپنے بڑوں سے چھوٹی سی گزارش!

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر

آج کے اس مضمون میں اپنے ادارے دارالعمل چشتیہ اور جان عزیز سے عزیز تر قابل صد احترام استاد محترم حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظ اللہ تعالیٰ کا ایک درد بھرا پیغام حضرات علماء کرام، صوفیاء کرام، مشائخ عظام، مہتممین مدارس، ناظمین جامعات، مدرسین حضرات، امام صاحبان، خطباء کرام، واعظین حضرات، تمام دینی مراکز، خانقاہوں، دینی و مذہبی جماعتوں کے سربراہان اور اہل حق سے وابستہ تمام بھائیوں، بہنوں اور لا الہ الا اللہ کی بنیاد پر قائم ہونے والے ملک پاکستان میں بسنے والے ایک ایک مسلمان کے نام!

قارئین کرام!

میں ایک ایسی ہستی کا تذکرہ کرنے لگا ہوں کہ جن کی سیرت وصورت کا شاھد اللہ کا قرآن ہے۔ جن کے کردار، افکار، گفتار، لیل ونہار جن کے اعلیٰ ایمان، توکل کی شان کے تذکرے قرآن وحدیث میں جابجا ملتے ہیں۔

جن کے دربار کے نوکر وخادم صرف سیدنا ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ وعلیؓ ایک لاکھ چوالیس ہزار صحابہ کرام ہی نہیں بلکہ آسمان کے نوری فرشتے اور ان کے سردار جبرائیلؑ امین اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان کی حفاظت و پہریداری کی خدمت سرانجام دیتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

طہارت وپاکیزگی کی مثال، تقویٰ ویقین میں باکمال حضرت آمنہ کے لال صاحب قرآن، معلم انسانیت وجنات شہنشاہ کائنات فخر موجودات ہم سب کے پیارے نبی ﷺ شدید بیماری کی حالات میں ہیں۔ آپ ﷺ کو اس بیماری کی تکلیف 6 مہینہ تک برداشت کرنی پڑی!

بیماری کیا تھی؟ سحر اور جادو کرنے والے کون تھے؟

یہودی!

اللہ رب العزت کی طرف سے بذریعہ خواب جادو (سحر) کی ساری حقیقت، اس کا پس منظر، اس کے محرکات آپ ﷺ کو بتلا دیئے گئے! آپ نے بیدار ہوتے ہی اللہ کا شکر ادا کیا اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو مبارک باد دی کہ عائشہ! میری بیماری اور تکلیف کے خاتمے کا وقت آ گیا ہے۔

اللہ کے نبی ﷺ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ساتھ لیئے کنوئیں پر پہنچے کہ جس میں یہودیوں کے آلہ کار لبید بن اعصم نے کنگھا اور تانت کی تار میں گیارہ گرہیں اور ہر گرہ میں ایک سوئی لگا کر ان اشیاء جادو کو کھجور کے پھل کے غلاف میں رکھ کر ایک پتھر کے نیچے دبایا ہوا تھا۔

صحابہ کرامؓ نے ان جادو شدہ اشیاء کو نکال کر حضور اکرم ﷺ کے سامنے پیش فرمایا۔

قبل اس کے کہ آپ ﷺ ان جادو زدہ اشیاء کو ضائع فرماتے، اللہ تعالیٰ نے جبرائیل امینؑ کو سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی گیارہ آیات دیکر بھیجا۔ اب آپ ﷺ ان گیارہ گرھوں میں سے ہر ایک گرہ پر ایک آیت دم فرماتے ہیں۔ گرہیں ڈھیلی ہوتی چلی گئی آپ ﷺ ان کو کھولتے چلے گئے اور آپ ﷺ کی طبیعت مبارکہ بھی بہتر ہوتی چلی گئی یہاں تک کہ تمام گرہیں کھل گئیں اور آپ کی صحت مبارکہ بھی بالکل ٹھیک ہوگئی گویا کہ ایک جکڑن اور وجود مبارک پر سے وزن ہٹ گیا۔

ایک دوسری روایت ملاحظہ فرمایئے!

سیدنا ابوھریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں رات نماز میں تھا کہ جنات میں سے ایک قوی ھیکل جن آ کر مجھے پریشان کرنے لگا اس کی پوری کوشش میری نماز میں

خلل ڈالنے کی تھی۔ میں نے اس کو اللہ کی دی ہوئی قدرت وطاقت سے پکڑ لیا۔ میرا جی چاہا کہ میں اس کو مسجد کے کسی ستون سے باندھ دوں، تاکہ تم بھی صبح کے وقت اس کو دیکھ لیتے مگر مجھے اپنے بھائی حضرت سلیمان علیہ السلام کی وہ دعا یاد آگئی کہ جس میں انہوں نے اللہ تعالیٰ سے ایسی بادشاہت مانگی تھی کہ جوان کے بعد کسی کو نہ ملے۔ اس لیے میں نے اس کو چھوڑ دیا مگر وہ بہت ذلیل ورسوا ہو کر گیا۔ (بخاری)

روایت نمبر 2

نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ کا دشمن ابلیس آگ کا ایک شعلہ لیکر میرے چہرے پر ڈالنے کی نیت سے آیا تو میں نے 3 مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنکَ پڑھا اور پھر میں نے یوں کہا اَلْعَنُکَ بِلَعْنَةِ اللّٰہِ التَّامَّةِ کہ میں تجھ پر اللہ کی پوری لعنت بھیجتا ہوں۔

میں نے ارادہ کیا کہ اس کو پکڑ لوں اور اس کو باندھ دوں کہ مدینہ کے بچے اس سے آکر کھیلتے مگر مجھے اپنے بھائی حضرت سلیمانؑ کی دعا کا خیال آیا اور میں نے اس کو بھگا دیا!

روایت نمبر 3

صحابی رسول ﷺ حضرت کعب احبارؓ فرماتے ہیں کہ اگر میں اس دعا کو باقاعدگی اور پابندی سے نہ پڑھتا تو یہودی مجھے جادو کے ذریعے گدھا بنا دیتے۔

وہ دعا مبارک یہ ہے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ شَیْءٌ اَعْظَمَ مِنْهُ وَبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَایُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِاَسْمَآءِ اللّٰہِ الْحُسْنٰی کُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَالَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ

ترجمہ: ”میں پناہ مانگتا ہوں اس عظیم اللہ سے جس سے بڑی کوئی چیز نہیں اور پناہ مانگتا ہوں اللہ سے اس کے کلمات تامات کی برکت سے جن سے کوئی نیک و بد انسان آگے نہیں نکل سکتا اور پناہ مانگتا اللہ کی تمام اسمائے حسنیٰ کی برکت سے جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا۔ ہر اس چیز کے شر سے جن کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا، وجود دیا، اور پھیلایا۔

ان 3 روایات کی روشنی میں بڑے ہی ادب واحترام اور نہایت معذرت کے ساتھ میں عرض کرنا چاہتا ہوں! کہ ہمارے نبی ﷺ کے دشمن کہ جن پر حسد وبغض اور دشمنی کا بھوت آج تک خاکوں اور گستاخیوں کی شکل میں نظر آرہا ہے یہ انہی یہود ونصاریٰ کی اولاد ہیں جو ہمارے نبی ﷺ کی جان کے درپے تھے یہ وہی بدبخت ہیں جنہوں نے ہمارے نبی ﷺ پر جادو کیا تھا۔

ہمارے نبی کے دشمن ہمارے دوست، خیر خواہ اور ہمدرد کیسے ہو سکتے ہیں۔

لبید بن اعصم کی اولاد اور اس کی شیطانی نسل سے ہمارے نبی ﷺ کے وارثین۔ جی ہاں! میرے نبی کے علم کے وارث! میرے نبی کے مُصلے کے وارث! میرے نبی کے منبر ومحراب کے وارث! میرے نبی کی شریعت کے وارث! میرے نبی کی دعوت وتبلیغ کے وارث! میرے نبی کے علوم نبوت کے مراکز ومدارس کے وارث! میرے نبی کے جہاد کے وارث! یہود ونصاریٰ کی چالوں، انکے مکروفریب اور ان کے جادو کے حملوں سے کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں؟

آج اہل حق پر، اہل حق کی مقتدر شخصیات پر، اہل حق کے مشائخ طریقت وتصوف پر، اہل حق کے دینی مراکز، مدارس، درسگاہوں، خانقاہوں اور مساجد پر، اہل حق کی مذہبی، اصلاحی تبلیغی وجہادی جماعتوں پر، ہر طرف سے جادو اور جادوگروں کی شدید یلغار ہے۔ جس کی وجہ سے مساجد نمازیوں سے خالی، مدارس ویران، خانقاہیں بے رونق، دینی مراکز سُونے سُونے، دینی جماعتیں سازشوں اور باہمی اختلافات کا شکار ہے، عوام الناس اہل دین اور دینی مراکز سے بدظن، اساتذہ طلباء وطالبات بداعمالیوں کا شکار، بڑے بڑے علماء اور شیوخ مختلف جسمانی بیماریوں میں مبتلا، بچے دینی تعلیم اور مدارس سے باغی!

نیکی کے ماحول سے رہنے کے باوجود گناہوں کی طرف رغبت مدارس میں آتے ہی طلباء وطالبات پر بیماریوں کے حملے! دینداروں کے گھروں میں بھی بے دینی کا ماحول! اعمال میں عدم دل جمعی! قرآن کریم کی تلاوت میں سستی، دینی کاموں سے اکتاہٹ، اساتذہ کرام کی پڑھانے اور شاگردوں کی پڑھنے میں عدم دل چسپی ہر ایک حافظے کی کمزوری، نسیان اور یادداشت کی خرابی کی وجہ سے پریشان، خطباء کرام کے وعظ اثر سے خالی! مدارس، مساجد، دینی مراکز کے چلتے کام اچانک بند! معاونین کا تعاون سے انکار، دینی کاموں میں ہر طرف رکاوٹیں ہی رکاوٹیں یہ سب کچھ اور بھی بہت کچھ آخر یہ سب کیا ہے؟ یہ سب کچھ کیوں ہے؟ اس کا حل کیا ہے؟

خدارا! ہماری اس گزارش کو فضول نہ خیال کیا جائے۔

دین اور دینی ماحول کے روشن مستقبل ان تمام وجوہات سے اور پریشانیوں سے چھٹکارے اور حفاظت کیلئے ہمیں غور کرنا ہوگا!

آخر میں میری تمام دینی مدارس کے ناظمین سے گزارش ہے کہ تمام مدارس میں دیگر مضامین کے ساتھ ساتھ عملیاتی مضامین، جادو، جنات کی اقسام اور ان کے علاج کے طریقہ کار ان سے حفاظت کے اسباب پر ضرور لیکچر ہونے چاہئیں۔ ان تمام خدمات کیلئے دارالعمل چشتیہ کی خدمات حاضر ہیں۔

خوشخبری

1. عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت کو دور کرنے کے لئے ادارہ نے سابقہ ممبران کے لئے رجسٹرڈ ڈاک میں 100 روپے کی کردی ہے لہٰذا اب سالانہ ممبر شپ برائے رجسٹرڈ ڈاک 800 روپے جمع کروائیں، عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
2. یہ پیشکش صرف 25 اپریل تک کے لئے ہے۔
3. نئے ممبران 900 روپے برائے رجسٹرڈ ڈاک جمع کرائیں۔
4. زر سالانہ جمع کرانے کی صورت میں مئی 2015ء کا شمارہ ارسال نہیں کیا جائے گا۔

رابطہ: 0322-4773786

بامؤکل اعمال

ہر بامؤکل عمل کی فیس مقرر ہے۔ جو کرنا چاہیں، وہ رابطہ کر کے مزید تفصیلات پوچھ سکتے ہیں۔

اوقات: دوپہر 2 تا شام 5 بجے۔ جمعہ اتوار کو رابطہ کریں۔ 00923214661681

آیت الکرسی بامؤکل: شریر جنات وشیاطین کے خلاف انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار جو علاج کے ساتھ حفاظت کے لیے بھی مجرب ہے۔ ھدیہ 8100 روپے۔

آیت قطب بامؤکل: جنات، شیاطین، جادو سے نجات اور مقاصد کے حصول کا مجرب عمل۔ ھدیہ 8100 روپے۔

عمل کاف بامؤکل: سخت جنات وجادو سے نجات اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔ ھدیہ 7100 روپے۔

سورۃ اخلاص بامؤکل 1: جنات وجادو سے نجات، دنیاوی ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔ ھدیہ 8100 روپے۔

سورۃ فیل بامؤکل: دشمن چاہے انسانی ہو یا جناتی، ان سے نجات کا مجرب عمل۔ خاص کر جادوگروں کو سبق سکھانے کا مجرب عمل ہے۔ ھدیہ 11000 روپے۔

سورۃ مزمل بامؤکل: بڑے جنات، شیاطین وجادوگروں کے خلاف روحانی ہتھیار۔ ایک مضبوط علاج اور مضبوط دفاع بھی۔ ھدیہ 15000 روپے۔

سورۃ یٰسین بامؤکل: روحانی ترقی، ہر کام میں آسانی اور ہر دنیاوی مقصد کے حصول کا عمل۔ ھدیہ 15000 روپے۔

سورۃ اخلاص بامؤکل 2: جنات وجادو سے نجات، دنیاوی ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔ ھدیہ 8100 روپے۔

سورۃ جن بامؤکل: جنات کے خلاف علاج اور حصار میں بہت مضبوط عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔ ھدیہ 15000 روپے۔

سورۃ قریش بامؤکل: دشمن، واپسی سحر اور رزق کی فراخی کا خاص عمل ہے۔ ھدیہ 11000 روپے۔

سلام قولا من رب رحیم بامؤکل: تسخیر کے لیے بے مثال عمل ہے۔ جسم کے تمام دردوں سے نجات کے لیے مفید ہے۔ ھدیہ 8100 روپے۔

اللہ الصمد بامؤکل: تسخیر اور حاجات پوری ہونے کا لاجواب عمل ہے۔ ھدیہ 8100 روپے۔

حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ انہیں کوئی دعا صبح، شام مانگنے کیلئے سکھا دیں تو جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صبح، شام اور رات کو بستر پر لیٹتے وقت یہ دعا مانگا کرو۔

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ

وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ

ترجمہ: ”اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اللہ، جو پوشیدہ اور کھلی ہوئی تمام باتوں کو جانتا ہے، ہر چیز کے پروردگار اور اسکے مالک میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور میں اپنے نفس کے شر اور شیطان کے شر اور کسی بھی کام میں اسکی شرکت سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں“۔ (ابوداؤد۔ ج:۲،ص:۳۳۵،کتاب الادب،باب ما یقول اذا اصبح)

۳۔ گھر سے نکلتے وقت اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب گھر سے باہر تشریف لے جاتے تو اللہ تعالیٰ سے ایسے پناہ مانگتے۔

بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ أَنْ أَزِلَّ أَوْ أَضِلَّ، أَوْ أَظْلِمَ، أَوْ أُظْلَمَ، أَوْ أَجْهَلَ أَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ

(نسائی۔ ج:۸،ص:۲۶۸،کتاب الاستعاذہ،الاستعاذہ من الضلال)

ترجمہ: ”اللہ تعالیٰ ہی کا نام لے کر میں گھر سے نکلتا ہوں۔اے پروردگار میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں صحیح راہ سے ہٹ جاؤں یا کوئی مجھے صحیح راہ سے ہٹادے یا میں کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے یا یہ کہ میں کوئی نادانی کی حرکت کروں یا یہ کہ کوئی مجھ سے نادانی سے پیش آئے“۔

۴۔ نفس کے شر سے پناہ

حضرت عمران رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ان کے والد حضرت حصین رضی اللہ عنہ سے استفسار فرمایا کہ تم دن میں کتنے خداؤں کی عبادت کرتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا سات خداؤں کی جن میں سے چھ زمین پر ہیں اور ایک آسمان میں ہے جناب رسول اللہ ﷺ نے دوبارہ دریافت فرمایا کہ ان تمام خداؤں میں سے کس سے تمہیں زیادہ امید اور کس سے زیادہ خوف محسوس ہوتا ہے؟ انہوں نے عرض کیا آسمان والے سے زیادہ امید اور خوف ہے۔ آپ نے فرمایا اے حصین اگر تم اسلام قبول کر لو تو میں تمہیں صرف دو جملے ایسے بتا دیتا ہوں جو تمہیں نفع دیں گے۔ پھر حضرت حصین رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کر لیا اور عرض کیا کہ آپ حسب وعدہ اب ان دو جملوں کی تلقین فرما دیجئے، تو آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سے یوں دعا مانگا کرو۔

اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِي رُشْدِي، وَأَعِذْنِي مِنْ شَرِّ نَفْسِي

ترجمہ: ”اے اللہ میرے مقدر کی صحیح راہ مجھے نصیب فرما اور مجھے میرے نفس کے شر سے محفوظ فرما“۔ (ترمذی۔ ج:۲،ص:۱۸۶،ابواب الدعوات)

۵۔ غصے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت سلیمن بن صرد سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں دو شخص آپس میں جھگڑے ہم وہیں بیٹھے ہوئے تھے اور ان میں سے ایک آدمی دوسرے کو برا بھلا کہہ رہا تھا اور اسکا چہرہ غصے کی وجہ سے سرخ ہو رہا تھا۔ تو جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا مجھے ایک ایسا جملہ معلوم ہے کہ یہ شخص اسے پڑھے تو اسکا غصہ جاتا رہے اور وہ جملہ

أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

ہے۔ (مشکوٰۃ المصابیح۔ ج:۱،ص:۴۱۳)

۶۔ جنسی خواہشات سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت شکل بن حمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے کوئی ایسی دعا سکھا دیں جسکے ذریعے میں اللہ تعالیٰ سے پناہ و حفاظت کی دعا مانگا کروں۔ تو آپ نے میرا ہاتھ اپنے دست مبارک میں تھام کر فرمایا یوں دعا مانگا کرو۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِي وَمِنْ شَرِّ بَصَرِي وَمِنْ شَرِّ لِسَانِي وَمِنْ شَرِّ قَلْبِي وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّي

ترجمہ: ”اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے کانوں کے شر سے، اپنی

نگاہ کے شر سے، اپنی زبان کے شر سے، اپنے دل کے شر سے اور جنسی خواہشات کے مادے کے شر سے"۔

(نسائی، ج:۸، ص:۲۵۵، کتاب الاستعاذۃ، الاستعاذۃ من شر السمع والبصر)

۷۔ بھوک اور خیانت سے پناہ مانگنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ یوں دعا کیا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

ترجمہ: "اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں بھوک اور فاقہ سے کہ وہ نہایت تکلیف دہ رات کا ساتھی ہے اور خیانت سے کہ وہ بہت بری ہمراز ہے"۔ (نسائی، ج:۸، ص:۲۶۳، کتاب الاستعاذۃ، الاستعاذۃ من الجوع)

۸۔ قرض اور فقر وفاقہ سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک غلام مانگنے کی غرض سے حاضر ہوئیں تو جناب رسول اللہ ﷺ نے انہیں یہ دعا مانگنے کی تلقین فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، مُنَزِّلَ التَّوْرَاةِ، وَالْاِنْجِيْلِ، وَالْقُرْاٰنِ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ، اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ، اقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ، وَاَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ

ترجمہ: "اے اللہ جو ساتوں آسمانوں کے پروردگار ہیں اور عرش عظیم کے مالک ہیں۔ اے ہمارے پروردگار اور اے ہر چیز کے پالنے والے تورات، انجیل اور قرآن کریم کے نازل کرنے والے۔ اے اللہ دانے کو پھاڑنے اور گٹھلی کو چیرنے والی ذات میں ہر اس چیز کے شر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں جو آپ کے قبضہ قدرت میں ہے۔ اللہ آپ ہی سب سے پہلے ہیں اور آپ سے پہلے کچھ نہیں۔ اور اے اللہ آپ ہی سب سے آخر پر ہیں اور آپ کے بعد کوئی چیز نہیں۔ اور اے اللہ آپ ہی سب سے زیادہ بلند مرتبہ ہیں اور آپ سے زیادہ بلند مرتبہ کوئی چیز نہیں اور اے اللہ آپ ہی مخلوق کی نگاہ سے پوشیدہ ہیں اور آپ سے زیادہ پوشیدہ بھی کوئی نہیں۔ اے اتنی صفات کے مالک پروردگار مجھ سے قرض کا بوجھ دور فرما دیجئے اور مجھے فقر وفاقہ سے نجات دے دیجئے"۔

(ترمذی، ج:۵، ص:۴۸۳، رقم الحدیث:۳۴۸۱، کتاب الدعوات، رقم الباب:۶۸)

۹۔ دکھ، غم، سستی، قرض اور لوگوں کے خوف سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے دیکھا کہ جناب رسول اللہ ﷺ یہ دعا کثرت سے مانگتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

ترجمہ: "اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں دکھ اور غم سے بے بس ہو جانے اور سستی اور بخل سے اور اس بات سے کہ مجھ پر قرض کا غلبہ ہو جائے اور لوگوں کا خوف مجھ پر چھا جائے"۔

(ترمذی، ج:۵، ص:۴۸۶، رقم الحدیث:۳۴۸۴، کتاب الدعوات، رقم الباب:۷۱)

۱۰۔ تند وتیز ہوا میں خیر ہو تو اس کی طلب اور اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ یوں دعا مانگتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَخَيْرَ مَا اُرْسِلَتْ بِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا

أُرْسِلَتْ بِهٖ

ترجمہ: ''اے اللہ میں اس ہوا کی اور اس میں جو بھلائی ہے اس کی اور جس بھلائی کیلئے یہ چلائی گئی ہے اس کا سوال کرتا ہوں اور میں اس ہوا کے شر اور اس میں جو برائی ہو اس سے اور جس خرابی کیلئے یہ بھیجی گئی ہے اس برائی سے آپکی پناہ مانگتا ہوں''۔

(عمل الیوم واللیلۃ للنسائی رحمۃ اللہ علیہ ص:۵۰۰، مایقول اذا عصفت الریح)

۱۱۔ لباس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تھے تو اس کا نام لیتے تھے مثلاً عمامہ یا قمیض یا چادر اور پھر یوں فرماتے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِيْهِ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ

ترجمہ: ''اے اللہ تمام تعریفیں آپ کیلئے ہیں جیسے کہ آپ نے مجھے یہ لباس مرحمت فرمایا ہے اے اللہ میں اس لباس کی سلامتی اور جس مقصد کیلئے یہ پہنا جاتا ہے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اے اللہ میں اس لباس کے شر اور جس مقصد کیلئے یہ بنایا گیا ہے اس کے شر سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں''۔

(ترمذی ج:۳، ص:۱۰۲، کتاب اللباس باب: مایقول اذا لبس ثوبا جدیدا)

۱۲۔ سجدے میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے پناہ مانگنا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے۔ وہ فرماتی ہیں کہ میں جناب رسول اللہ ﷺ کے پاس سو رہی تھی اور رات کو میری آنکھ کھلی تو آپ بستر پر نہیں تھے۔ میں اندھیرے میں آپ کو ڈھونڈنے نکلی اور میرا ہاتھ آپ کے پاؤں مبارک پر پڑا تو آپ سجدے میں اللہ تعالیٰ کے حضور یوں عرض کر رہے تھے۔

أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

ترجمہ: ''اے اللہ میں آپ کی ناراضگی سے بچ کر آپ کی رضا کی پناہ مانگتا ہوں اور سزا کی بجائے آپ سے عافیت کی درخواست کرتا ہوں اور میں آپ کی ایسی تعریف کروں جو آپ کے شایان شان ہو یہ میرے بس میں نہیں بس آپ ایسے ہی ہیں جیسے کہ آپ نے خود اپنی تعریف بیان فرمائی ہے''۔

(ترمذی ج:۲، ص:۱۸۷، ابواب الدعوات باب)

۱۳۔ مختلف بیماریوں سے پناہ مانگنا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ عام طور سے یہ دعا مانگتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَيِّئِ الْأَسْقَامِ.

ترجمہ: ''اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں پاگل پن سے اور کوڑھ سے اور برص (پھلبہری) سے اور ہر طرح کی بری بیماری سے''۔

(نسائی ج:۸، ص:۲۷۰، رقم الحدیث:۵۴۹۳، کتاب الاستعاذۃ ترجمۃ: الاستعاذۃ من الجنون)

۱۴۔ نظر بد سے پناہ

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر یہ کلمات پڑھ کر دم فرماتے تھے۔

أُعِيْذُ كُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ، وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

ترجمہ: ''میں تم دونوں کو اللہ تعالیٰ کے پورے پورے کلمات کی پناہ میں دیتا ہوں ہر شیطان کے اثر سے اور ہر ڈسنے والے زہریلے کیڑے کے اثر سے اور ہر نظر بد سے جو لگ جاتی ہے''۔

اور جناب رسول اللہ ﷺ یہ بھی فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیم علیہ وعلیٰ نبینا الصلوٰۃ والسلام اپنے بیٹوں حضرت اسحٰق اور حضرت اسماعیل علیہم الصلاۃ والسلام کو اسی طرح دم کیا کرتے تھے۔

(ترمذی، ج۴، ص۳۶۱، ۳۴۴۶ کتاب الطب، باب ما جاء فی الرقیۃ من العین)

۱۵۔ گرنے، چوٹ لگ جانے، پانی میں ڈوبنے اور جلنے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت ابوالاسود السلمی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جناب رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ سے یوں دعا مانگا کرتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَدْمِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرِیْقِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ یَّتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِکَ مُدْبِرًا وَاَعُوْذُبِکَ اَنْ اَمُوْتَ لَدِیْغًا۔

ترجمہ: ”اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں کہ مجھ پر کوئی چیز گر جائے اور اس بات سے بھی پناہ مانگتا ہوں کہ میں کسی جگہ سے گر پڑوں اور میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں پانی میں ڈوبنے سے اور آگ میں جلنے سے اور اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت گمراہ کردے۔ اور اس بات سے بھی پناہ مانگتا ہوں کہ مجھے اس حال میں موت آئے کہ آپ کی راہ سے فرار ہو رہا ہوں اور اس بات سے بھی آپ کی پناہ چاہتا ہوں کہ کسی زہریلے جانور کے کاٹنے سے مرجاؤں“۔

(النسائی، ج۸، ص۲۸۳، رقم الحدیث ۵۵۳۴، کتاب الاستعاذۃ تحت من التردی والہدم)

۱۶۔ بچھو کے کاٹنے سے پناہ مانگنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص جناب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور معذرت پیش کی کہ کل وہ اس لیے حاضر نہ ہوسکا کہ اسے بچھو نے کاٹ لیا تھا۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر تم شام کو یہ دعا مانگ لیتے تو تمہیں یہ بچھو تکلیف نہ پہنچا سکتا۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

ترجمہ: ”میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلام کی پناہ مانگتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا فرمائی ہے“۔ (مسلم، ج۴، ص۷۳۳۴، کتاب الدعوات والتعوذ)

۱۷۔ سفر شروع کرتے وقت اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگنا

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب سفر کا آغاز فرماتے تو یہ دعا مانگتے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَۃِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْرِ وَدَعْوَۃِ الْمَظْلُوْمِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ۔

ترجمہ: ”اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں سفر کی مشقت سے اور اس سے کہ جس مقصد کیلئے سفر کر رہا ہوں اس سے ناکام لوٹ آؤں اور کسی بھی چیز میں اضافے کے بعد اسکے نقصان سے اور مظلوم کی بددعا سے اور یہ کہ اپنے گھر والوں اور مال یا اولاد میں کوئی خرابی مجھے نظر آئے“۔

(النسائی، ج۸، ص۲۷۲، رقم الحدیث ۵۴۹۹، کتاب الاستعاذۃ تحت قول الاستعاذۃ من الحور بعد الکور)

۱۸۔ سفر میں کسی جگہ ٹھہرنے پر اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت خولہ بنت حکیم اسلمیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ سے میں نے سنا آپ نے ارشاد فرمایا جو شخص سفر میں کسی جگہ ٹھہرے اور یہ دعا مانگے۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

ترجمہ: ”میں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلام کی پناہ مانگتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا فرمائی ہے“۔

تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکے گی حتیٰ کہ وہ اس مقام سے کوچ کر جائے۔ (مسلم، ج۴، ص۷۳۳۴، باب الدعوات والتعوذ)

۱۹۔ سفر میں جب رات ہو جائے تو ہر شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب سفر فرماتے اور رات آنا شروع ہوتی تو دعا مانگتے۔

يَا أَرْضُ رَبِّيْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِيْكِ، وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ وَشَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ، وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ أَسَدٍ وَأَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ، وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْبَلَدِ وَمِنْ وَّالِدٍ وَمَا وَلَدَ

ترجمہ: ''اے زمین تیرا اور میرا پروردگار اللہ ہی ہے۔ میں تیرے شر سے اور جو کچھ تجھ میں ہے اسکے شر سے اور جو کچھ تجھ میں پیدا کیا گیا ہے اسکے شر سے اور جو کچھ تجھ پر چلتا ہے (انسان، جانور وغیرہ) اس کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں اور میں اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں شیر اور اژدھا اور سانپ اور بچھو کے شر سے اور میں ان کے شر سے بھی اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں جو شہر میں رہتے ہیں اور باپ اور اولاد کے شر سے''۔

(ابوداؤد۔ ج:۱، ص:۳۵۰، کتاب الجہاد، باب: ما یقول الرجل اذا نزل المنزل)

۴۰۔نماز وتر میں دعائے قنوت کے بعد اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ وتر میں (دعائے قنوت) کے آخر پر یہ دعا مانگتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

ترجمہ: ''اے اللہ میں آپ کی ناراضگی سے بچ کر آپ کی رضا کی پناہ مانگتا ہوں اور سزا کی بجائے آپ سے عافیت کی درخواست کرتا ہوں اور میں آپ کی ایسی تعریف کروں جو آپ کے شایان شان ہو یہ میرے بس میں نہیں بس آپ ایسے ہی ہیں جیسے کہ آپ نے خود اپنی تعریف بیان فرمائی ہے''۔

(نسائی۔ ج:۸، ص:۲۳۸، باب المعافی الوتر)

۴۱۔رات کو نیند نہ آنے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے جناب رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ میں رات کو دماغی پریشانی کے وجہ سے سو نہیں پاتا تو آپ نے فرمایا جب تم بستر پر لیٹو تو یوں دعا مانگا کرو۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا أَظَلَّتْ وَرَبَّ الْأَرَضِيْنَ وَمَا أَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضَلَّتْ كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا أَنْ يَّفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِّنْهُمْ أَوْ أَنْ يَّبْغِيَ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

ترجمہ: ''اے اللہ جو ساتوں آسمانوں کے اور جن چیزوں پر انہوں نے سایہ کیا ہوا ہے ان سب کے پروردگار ہیں۔ اور زمینوں کے اور جنہوں نے زمین کو اٹھایا ہوا ہے ان کے بھی پروردگار ہیں اور شیاطین اور جن کو وہ گمراہ کرتے ہیں ان کے بھی آپ مالک ہیں۔ اے اللہ اپنی ساری مخلوق جسے آپ نے پیدا فرمایا ہے ان سب کے شر میں تو میری پناہ بن جا۔ اے اللہ تیری مخلوق میں سے کوئی مجھ پر ظلم اور زیادتی نہ کرسکے۔ آپ کی پناہ میں آنے والا غالب رہتا ہے اور آپ کی تعریف بہت بلند ہے۔ اور آپ کے علاوہ کوئی خدا نہیں بلاشبہ آپ ہی حقیقی خدا ہیں''۔

(ترمذی۔ ج:۲، ص:۱۹۱، ابواب الدعوات، باب)

۴۲۔سونے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگنا

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جناب رسول اللہ ﷺ جب بستر پر لیٹتے تو اللہ تعالیٰ کے حضور یوں دعا مانگتے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ تَكْشِفُ الْمَغْرَمَ وَالْمَأْثَمَ اَللّٰهُمَّ لَا يُهْزَمُ جُنْدُكَ وَلَا يُخْلَفُ وَعْدُكَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ

ترجمہ: ''اے اللہ میں آپ کے قابل صد تکریم چہرے اور آپکے مکمل کلام کی پناہ میں آتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جس کی پیشانی آپ کے قبضے میں ہے۔ اے اللہ آپ ہی قرض کے بوجھ کو اور گناہ کی عادت کو ختم کرنے والے ہیں۔ اے اللہ آپ کے لشکر کو شکست نہیں ہوتی آپ اپنے وعدے کی خلاف

درزی نہیں کرتے کسی بڑے شخص کی بڑائی آپ کے ہاں کچھ کام نہیں دیتی۔ آپ ہر عیب سے پاک ہیں اور آپ ہی کیلئے تمام تعریفیں ہیں"۔

(ابوداؤد۔ ج ۲، ص ۳۳۲، کتاب الادب، باب: ما یقال عند النوم)

۳۳۔ رات کو نیند نہ آنے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ تم جب سونے کا ارادہ کرو تو پہلے ایسے وضو کرو جیسے نماز کیلئے وضو کرتے ہو اور پھر دائیں کروٹ پر لیٹ کر یوں دعا مانگو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْلَمْتُ وَجْھِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْكَ رَغْبَةً وَّرَھْبَةً اِلَیْكَ لَا مَلْجَاً وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ بِکِتَابِكَ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ اَرْسَلْتَ (صحیح مسلم۔ ج ۲، ص ۳۴۸، باب الدعا عند النوم)

ترجمہ: "اے اللہ میں نے اپنی ذات کو آپ کے حوالے کر دیا۔ اور اپنے تمام کام آپ کے سپرد کر دیے اور آپ ہی میرے حقیقی مددگار ہیں۔ اے اللہ آپ ہی سے امیدیں وابستہ ہیں اور آپ ہی کا خوف غالب ہے۔ مجھے نفع پہنچانے والا اور مجھے نقصان سے بچانے والا آپ کے علاوہ کوئی نہیں۔ میں ایمان لایا آپ کی اس کتاب پر جو آپ نے نازل فرمائی ہے۔ (قرآن کریم) اور میں ایمان لاتا ہوں آپ کے اس رسول حضرت محمد ﷺ پر جنہیں آپ نے مبعوث فرمایا ہے"۔

اور بس یہ تمہاری آخری بات ہونی چاہیے۔ اگر اس رات تمہیں موت آ گئی تو تمہیں فطرت (یعنی ایمان) کی موت آئے گی۔

۳۴۔ نیند میں ڈر جانے پر اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کوئی نیند میں ڈر جائے تو اسے چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کی پناہ اس دعا کے ذریعے مانگے۔

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ

(ترمذی۔ ج ۲، ص ۱۹۲، ابواب الدعوات، باب)

ترجمہ: "میں اللہ تعالیٰ ہی کی پناہ میں آتا ہوں اس کے غصے اور پکڑ سے اور اسکی مخلوق کے شر سے اور اس بات سے کہ شیاطین مجھے تکالیف پہنچائیں اور اس بات سے بھی پناہ مانگتا ہوں کہ شیاطین میرے پاس آئیں"۔

تو اس طرح اسے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو اپنے بچوں کو جب وہ بڑے ہو جاتے تھے یہ دعا یاد کرا دیتے تھے اور جو بچے بڑے نہیں تھے انکے گلے میں ایک کاغذ پر یہ دعا لکھ کر ڈال دیتے تھے۔

۳۵۔ سحر کے وقت جہنم سے پناہ مانگنا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جب سفر میں ہوتے اور سحر ہوتی تو یوں دعا مانگتے۔

سَمَّعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللهِ وَحُسْنِ بَلَائِهٖ عَلَيْنَا، رَبَّنَا صَاحِبْنَا، وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللهِ مِنَ النَّارِ

(صحیح مسلم۔ ج ۲، ص ۳۴۹، باب فی الادعیہ)

ترجمہ: "اے سننے والے پروردگار ہم سے اپنی تمام تعریفیں اور اچھے حالات پر اپنا شکر یہ سن لے اے اللہ اس سفر میں ہمارا ساتھی بن جا اور ہم پر بہت مہربانی فرما۔ ہم آگ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں"۔

۳۶۔ چار چیزوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ (چار چیزوں سے) یوں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَ دُعَاءٍ لَّا يُسْمَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هٰٓؤُلَاءِ الْاَرْبَعِ

ترجمہ: "اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس دل سے جس میں آپ کا

خوف نہ ہو، اور اس دعا سے جو سنی نہ جائے اور اس نفس سے جو کبھی بھی نہ بھرے اور اس علم سے جو نفع نہ دے، الغرض ان چاروں سے اے اللہ آپ کی پناہ مانگتا ہوں''۔

(ترمذی، ج:۵،ص ۴۸۲، رقم الحدیث ۳۴۸۲، کتاب الدعوات، رقم الباب:۶۹)

۲۷۔ ہر قسم کی خیر کی طلب اور ہر طرح کے شر سے پناہ کی ایک جامع دعا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ ہمیں یہ دعا سکھاتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَاَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِیُّكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَبِهٖ عَبْدُكَ وَنَبِیُّكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَاَسْاَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ قَضَیْتَهٗ لِیْ خَیْرًا۔

(ابن ماجہ، ص:۲۸۱، ابواب الدعاء، باب الجوامع من الدعاء)

ترجمہ: ''اے اللہ میں آپ سے ہر اس خیر کا سوال کرتا ہوں جو جلد سے جلد مجھے ملے اور یا تاخیر سے ملے جسے میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا اور ایسے ہی ہر شر سے آپ کی پناہ مانگتا ہوں جو جلدی مجھ تک پہنچنے والا ہو یا بدیر پہنچے اور جسے میں جانتا ہوں یا میرے علم میں نہیں ہے۔

اے اللہ میں ہر اس خیر کا سوال کرتا ہوں جس خیر کو آپ سے آپ کے بندے اور نبی ﷺ نے طلب کیا اور اے اللہ میں ہر اس شر سے پناہ مانگتا ہوں جس شر سے آپ کے بندے اور آپ کے نبی ﷺ نے پناہ مانگی۔

اے اللہ میں جنت کا طلبگار ہوں اور ہر اس بات اور عمل کا جو مجھے جنت سے قریب کر دے۔

اے اللہ میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں جہنم سے اور ہر اس بات اور عمل سے جو جہنم تک پہنچائے اور یہ بھی سوال کرتا ہوں آپ میرے بارے میں جو بھی فیصلہ فرمائیں وہ خیر ہی کا فیصلہ فرما دیجئے''۔

۲۸۔ کفر اور شرک سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنا

سب سے زیادہ اہم پناہ

یوں تو جتنی برائیوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنے کے متعلق مختلف دعائیں آپ نے پڑھی ہیں اپنے اپنے مقام پر ہر ایک اہم سے اہم تر ہے مگر اہم ترین مسئلہ اس پوری دنیا میں ہر شخص کیلئے یہ ہے کہ اسکا خاتمہ کس دین پر ہوتا ہے۔ جس جس فرد کا قیامت پر ایمان ہے اسکی زندگی کیسی ہی گنہگارانہ گزرے مگر یہ تمنا اسکی بھی ہوتی ہے کہ اس دین کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے حضور میں پیش ہو جو دین اسکے مالک کو پسند ہے۔ ہمارا یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اسلام ہی پسند ہے اور ہر مسلمان کی یہ آرزو ہے کہ اسکا انجام اور خاتمہ ایمان اور اسلام پر ہی ہو۔

پھر دوسری طرف بے دھیانی میں بھی کبھی کفر کے جملے اور شرکیہ اعمال انسان سے سرزد ہو جاتے ہیں اس لئے چاہیے کہ کفر و شرک سے ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتا رہے کیا معلوم موت کب اپنا لقمہ بنا کر نگل جائے۔

جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے امتیوں کیلئے اسکا حل بھی تجویز فرمایا ہے کہ اگر کوئی مسلمان جان بوجھ کر شرکیہ اعمال کرے یا اس سے بھولے میں کوئی ایسی قبیح حرکت سرزد ہو جائے تو وہ کس طرح اللہ تعالیٰ کی پناہ حاصل کر سکتا ہے۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ایک دن جناب رسول اللہ ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا اور ارشاد فرمایا کہ لوگو شرک سے بچو یہ تو سیاہ چیونٹی سے بھی زیادہ باریک ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ جب یہ اتنا باریک مسئلہ ہے تو ہم اس میں کیسے احتیاط کریں تو آپ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ کی پناہ ان الفاظ میں مانگا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا نَعْلَمُهٗ، وَنَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُ.

(مسند احمد۔ ج ۷ ص ۱۴۶، مسند الکوفیین، حدیث ابی موسیٰ الاشعری، حدیث نمبر ۱۹۶۲۵)

ترجمہ: ”اے اللہ ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں اس بات سے کہ ہم آپ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائیں جان بوجھ کر اور معافی مانگتے ہیں کسی بھی ایسی حرکت سے جو ہم سے بھولے میں سرزد ہو جائے“۔

فقہاء کرام رحمہم اللہ نے اسی حدیث شریف کے پیش نظر لکھا ہے کہ

وینبغي التعوذ بھذا الدعاء صباحا ومساء فانه سبب العصمة من الکفر بوعد الصادق الامین ﷺ اللھم انی اعوذبك من ان اشرك بك شیئاً وانا اعلم واستغفرك لما لا اعلم انت علام الغیوب۔

(درمختار۔ ج ۳ ص ۱۴۰، باب المرتد، مطلب فی حکم من شتم دین مسلم)

علامہ ابن عابدین شامیؒ اسکی شرح میں تحریر فرماتے ہیں

ولم ار فی الحدیث ذکر صباحا ومساءبل فیه ذکر ثلاثا کما فی الزواجر عن الحکیم الترمذی افلا ادلك علی مایذھب الله به عنك صغار الشرك وکبارہ تقول کل یوم ثلاث مرات اللھم انی اعوذ بك ان اشرك بك شیئا وانا اعلم واستغرك لما لا اعلم۔

حدیث میں اس دعا کے صبح وشام پڑھنے کا حکم تو میری نظر سے نہیں گزرا البتہ حکیم ترمذی نے اپنی کتاب زواجر میں تین مرتبہ پڑھنے کی روایت نقل کی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں وہ کلمات تمہیں بتاؤں جو تم سے چھوٹی اور بڑی شرک کی تمام باتوں کو دور کردیں۔ روزانہ تین مرتبہ یوں دعا مانگا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ، وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ روزانہ تین مرتبہ یہ دعا صبح، دوپہر، شام یا کسی ایک وقت میں مانگنی چاہئے تاکہ ہر طرح کے شرک سے اللہ تعالیٰ اپنی پناہ میں رکھیں۔

فتاویٰ عالمگیری میں بھی اس مسئلے کو نقل کیا گیا چنانچہ وہ لکھتے ہیں۔

و ینبغي للمسلم ان یتعوذ ذکر ھذا الدعا صبا حاً ومساء فانه سبب العصمة عن ھذہ الورطة بوعد النبی ﷺ والدعا اللھم انی اعوذ بك من ان اشرك بك شیئاً وانا اعلم واستغفرك لما لا اعلم (ج ۲، ص ۲۸۳، الباب التاسع فی احکام المرتدین، ومنها ما یتعلق بالحلال والحرام وکلام الفسقة والکفار وغیر ذلک)

اور ہر مسلمان کے لیے یہ مناسب ہے کہ اس دعا کو صبح وشام پڑھنا اپنا معمول بنالے۔ کیونکہ جناب رسول اللہ ﷺ کا یہ وعدہ ہے کہ یہ دعا شرک کے بھنور میں غرق ہونے سے بچاؤ کا سبب بنے گی اور دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ، وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ

یہ دعا تین مرتبہ لکھی جا رہی ہے اور تینوں جگہ الفاظ کا معمولی فرق ہے مگر سب کے معنی ایک ہیں۔ کوئی ایک دعا یاد کرلی جائے اور پھر اسے تین مرتبہ روزانہ یا ایک ایک بار صبح، دوپہر، شام پڑھنے کا معمول بنالینا مناسب ہوگا۔

مسافران آخرت

1 دارالعمل چشتیہ کے سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے سسر محترم سید محبوب حسین صاحب کا انتقال ہوگیا تمام حضرات وخواتین سے درخواست ہے کہ مرحوم کے لیے کم از کم تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر ایصال ثواب کردیں۔ جزاک اللہ

2 زوجہ پرویز خان والدہ صاحبہ عمران خان ساکن کالو خان صوابی قضائے الٰہی سے انتقال فرما چکی ہیں، ان کو سورۃ اخلاص پڑھ کر ایصال ثواب کریں اور ثواب دارین حاصل کریں۔ اللہ شانہٗ ان سے عفو ورحم وکرم کا معاملہ فرما کر ان کی مغفرت فرمائیں۔ (آمین)

جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ سے لڑنے اور ان کو جلانے کا خاص عمل

ہر قسم کے جادو کو ختم کرنے، اور جادو کو واپس کرنے کا خاص عمل

ہر قسم کی نظرِ بد اور لا علاج امراض کا علاج کرنے کا خاص عمل

ھانڈی کا عمل

الحمدللہ دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے جادو، جنات و شیاطین کا علاج کرنے والے عاملین کے لئے ھانڈی کے مختلف اعمال ترتیب دیے ہیں، جن کی مدد سے با آسانی جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا جلد علاج کیا جا سکتا ہے۔ یہ اعمال صرف وہی عاملین کر سکتے ہیں، جن کے حصار مضبوط ہوں۔ ورنہ رجعت کا خطرہ رہتا ہے۔ ہم ان عاملین کی طرح نہیں جو یہ دعوے کرتے ہیں کہ ہم سے سیکھنے والوں کو رجعت نہیں ہوتی۔ ہم واضح کہتے ہیں کہ جو غلط استعمال کرے گا، اس کو رجعت ضرور ہوگی۔ اسی لئے اعمال کے ساتھ ساتھ مختلف ھدایات تفصیل سے دی گئی ہیں جن پر عمل کر کے رجعت سے بچا جا سکتا ہے اور ھانڈی کے اعمال کے سلسلے میں بہت تفصیل دی گئی ہے جس کو پڑھ کر، ھانڈی کے اعمال کا صحیح طریقہ آ جائے گا اور عمل کرنے میں غلطی کا امکان بھی نہ ہونے کے برابر ہوگا۔ ہم ان عاملین کی طرح نہیں جو تفصیل اس لئے نہیں بتاتے کہ اگر ایک بار ہی سب بتا دیا تو "ہمارے پاس کون آئے گا"۔

درجہ اول ھدیہ: -/5500 روپے

درجہ دوم ھدیہ: -/10500 روپے

دو طرح سے ھانڈی کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

درجہ اول اس میں سات اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ ان اعمال سے جادو، جنات، نظرِ بد، شیاطین، دیو، پری، بھوت، چڑیل اور اسی طرح کی دیگر نقصان دہ مخلوق کے اثرات کا علاج کر سکتے ہیں۔ اسی طرح لا علاج بیماریوں کا بھی علاج کر سکتے ہیں۔

درجہ دوم اس میں کل دس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ دو خاص الخاص اعمال ہیں جو سخت سے سخت جادو، بڑے بڑے شیاطین، جنات اور جادوگروں کو سبق سکھاتے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لئے ہیں۔ ان کی تعداد چاہے جتنی بھی ہو۔ آخر میں ھانڈی کا ایک خاص عمل دیا گیا ہے جو محبت، مفرور کو واپس لانے، رشتہ کے لئے ہاں کروانے میں مفید ہے۔

ان تمام اعمال کے لئے کچھ ریاضتیں بھی کروائی جاتی ہیں تاکہ عامل کے پیچھے جنات کی غیبی مدد بھی شامل رہے۔ صرف طریقے نہیں بتائے جاتے۔

رابطہ مولانا محمد عرفان (ناظم درسگاہ) 0321-4661681 دوپہر 2 تا 5 (علاوہ جمعہ و اتوار)

حصار کی ضرورت و حفاظت کے قرآنی اعمال

حکیم عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

اس پرفتن دور میں جبکہ ہر طرف مادیت کا زور ہے، انسان اپنی خواہشات کی چکی میں بری طرح پس رہا ہے۔ اللہ کا ذکر ہی انسان کو اس مصیبت سے بچا سکتا ہے۔ انسان سکون قلب کے لیے تو پکارتا ہے مگر یہ سب کچھ زبانی زبانی۔ عمل کے لیے وہ ہرگز تیار نہیں۔ جب بے شمار مصائب میں گھر جاتا ہے تو ان سے نجات کے لیے یا تو ازخود وظیفے شروع کر دیتا ہے یا عاملوں اور پیروں کے پاس چلا جاتا ہے۔ ازخود اس طرح کہ آج بے شمار عملیات کی کتابیں موجود ہیں۔ لکھنے والوں نے ان میں کہاں کیا گل کھلا رکھیں ہیں، میرے جیسا بندہ ہی سمجھ سکتا ہے۔ ان میں اپنی طرف سے بنا کر وظیفے، تعویذ اور نقش دیے ہوئے ہیں۔ یا عاملوں اور پیروں کے پاس جاتا ہے۔ ان سے وظیفے پڑھنے کو اور تعویذ اور نقش ان کے مقرر کیے ہوئے نذرانے ادا کرنے کے بعد حاصل کرتا ہے۔ ان میں سے اکثر صحیح طور پر علم نہیں رکھتے۔ مختلف وظائف، روحانی طالبوں کو مزاج اور وظیفہ کے مزاج کا جائزہ لیے بغیر ہی بتلا دیتے ہیں۔ پھر وظیفہ کرنے والا طالب شکایت کرتا ہے کہ اس کا کام تو بنا نہیں البتہ طبیعت یا پھر صحت خراب رہنا شروع ہو گئی۔ دوسرا اس پر حصار لگایا اور نہ رجال الغیب کی دعا پڑھی اور نہ ہی اس کے رخ کو مدِ نظر رکھا۔ بس وظیفہ کرنا شروع کر دیا۔ وظیفہ کے مؤکلین جو نظر نہیں آتے، اس شخص پر وارد ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی شیطان ارواح خبیثہ کی صورت میں وارد ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ دونوں میں جنگ شروع ہو جاتی ہے۔ طالب روحانی اپنے انجام سے بے خبر اپنا عمل جاری رکھتا ہے اور امید کرتا ہے کہ جس مقصد کے لیے وہ یہ عمل کر رہا ہے، وہ پورا ہو جائے۔ جبکہ وہ اپنے اوپر ایک جنگ طاری کر لیتا ہے۔ اگر تو یہ شخص کسی کامل عامل یا پیر طریقت کا مرید ہے تو اس کا پیر اپنی ریاضت اور روحانی طاقت کے ذریعہ ان ارواح خبیثہ کو زیر کر لیتا ہے۔ دوسری صورت میں اگر وہ عامل کسی کا مرید نہیں اور حصار کے بغیر اور رجال الغیب کا دھیان کیے بغیر اپنا عمل جاری رکھتا ہے تو خبیث ارواح موکلین پر حاوی ہو جاتیں ہیں۔ جب موکلین پیچھے ہٹ جاتے ہیں تو پھر وہ ارواح خبیثہ براہِ راست عامل کے ساتھ برسرپیکار ہو جاتی ہیں اور وہ اس کے بدن میں حلول ہو جاتی ہیں اور طبیعت خراب ہو جاتی ہے، سر بوجھل، کندھوں اور پنڈلیوں میں درد، چڑ چڑا پن، جسم گرم ہو جاتا اور بخار کی کیفیت، ہر وقت سونے کی عادت ہو جاتی ہے۔ اور بچارے عامل کو سمجھ ہی نہیں آتا کہ ذکر الٰہی کا ورد کرنے سے اس کی طبیعت کیوں خراب رہنا شروع ہو گئی؟ اسی وجہ سے لوگوں نے اعتماد کرنا چھوڑ دیا ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ شیطانی مؤکلات دوسروں پر سوار ہو جاتے ہیں۔ اس کے ذہن میں خیال ڈال دیتے ہیں کہ یہ بندہ جو کہہ رہا ہے، وہ جھوٹ ہے۔ ہر انسان میں اس کی طاقت کے مطابق روحانیت عطا کی جاتی ہے۔ اب اس میں وہ تحریک پیدا کرنا چاہتا ہے۔ اگر اس میں نور کا اضافہ ہو جائے تو دماغ خراب اور ماؤف ہو جاتا ہے اور اس میں حیوانی خصلتیں پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ رجعت کی یہ بڑی حالت ہوتی ہے۔ گھر میں لڑائی جھگڑے اور ناتفاقی شروع ہو جاتی ہے۔ اس سے آگے تو پاگل پن، روح ناپاک ہو جاتی ہے اور نورانی مؤکلات نہیں آتے، سفلی قوتیں آتی ہیں۔

حصار اگرچہ ہر عمل میں ضروری نہیں ہوتا لیکن بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر ہر عمل میں حصار کو ملحوظ رکھا جائے تو بہتر ہے۔ دراصل حصار شیطانی چالوں سے محفوظ رہنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

عام حصار تو ایک ایک بار چاروں قل، ایک بار آیت الکرسی اور ۱۳ مرتبہ ''یَارَقِیْبُ'' پڑھ کر اگر با نیت حصار اپنے اوپر دم کر لیں تو حصار ہو جائے گا۔

اگر ''یَارَقِیْبُ'' کی ریاضت کر لی جائے تو زیادہ مناسب ہے۔

یَا رَقِیْبُ کی ریاضت کا طریقہ

یَا رَقِیْبُ بعد نماز عشاء، اول آخر 11 بار درود شریف، مقررہ وقت اور کوشش کریں مقررہ جگہ، خالی کمرے میں، یَا رَقِیْبُ 5000 مرتبہ روزانہ 41 دن پڑھنا ہے۔ بڑا گوشت نہیں کھانا۔ باقی جو مرضی کھائیں۔ پورا کرنے کے بعد میں 101 بار روزانہ ورد کرتے رہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ عامل کا پہلا علم حصار ہے۔ حصار کی ابتدا بھی بسم اللہ سے کی جاتی ہے اور عامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے نام کے موکلات کی زکوٰۃ ضرور ادا کریں۔ عموماً جادوگر، چاہے وہ جنات سے ہی ہوں، وہ نام کا استعمال کرتے ہیں۔ ایک روحانی و نورانی حصار پیش خدمت ہے۔ اس کو حصار کی نیت سے 41 بار 41 دن اول و آخر درود شریف بعد نماز عشاء پڑھ لیں۔ آخری دن حسب توفیق صدقہ ادا کریں۔ پھر آپ اس کو اس طریقے سے بھی استعمال میں لا سکتے ہیں۔

4 عدد کیل لے لیں۔ اپنے گھر کے ایک کونے پر بیٹھ کر 11 دن 41 بار پڑھیں اور اس کیل کو اس کونے میں دبا دیں۔

پھر اگلے 11 دن دوسرے کونے میں یہ عمل کریں اور کیل دبا دیں۔

پھر تیسرے اور چوتھے کونے میں بھی یہ عمل کر کے کیل دبا دیں۔ یہ آپ کا اور آپ کے گھر والوں کا حصار ہو جائے گا۔

پانی بھی پڑھ کر پی سکتے اور گھر میں چھڑک سکتے ہیں۔

عمل: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ آیت الکرسی لکھ ہزاری، یا محمدؐ تیری سواری، بسم اللہ دا کوٹ، کلمے دی تاڑی، چارے کندھاں، چارے کوٹ، یا محمدؐ تیری اوٹ، دھیروئی حضرت سلیمانؑ پیغمبر دی، میرے تے کوئی مت چلاوے چوٹ۔

برائے ردِ رجعت و دعوت و سحر جادو، طالب روحانی کو ہر دعوت میں اصراف عام کو پڑھ کر دعوت شروع کرنی چاہیے۔ دعوتِ حزب البحر یا دعوت دعائے سیفی، برھتی یا دیگر کوئی اسمائے باری تعالیٰ کی دعوت دے تو اس کو چاہیے کہ دورانِ دعوت اور بعد دعوت دینے کے بھی، 21 اکیس مرتبہ روزانہ اسمائے ذیل پڑھا کرے کیونکہ یہ اسماء حصار عظیم کا مرتبہ رکھتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کوئی رجعت نہیں ہوتی۔ ہر درج ذیل اسماء ہر قسم کی رجعت اور سحر کیلئے حصارِ عظیم ہیں۔ ہر قسم کے اسما ہر دعا کی دعوت کی رجعت کو دور کرنے میں کبریت احمر کی تاثیر رکھتے ہیں۔ ان کو ضرور پڑھا کریں۔ اسمایہ ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عَلِیْقًا مَلِیْقًا خَالِقًا مَخْلُوْقًا کَافِیًا شَافِیًا اِرْتَطٰی مُرْتَطٰی بِحَقِّ یَا بُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا بِحَقِّ اُسَا تَاسًا لَاسًا وَلُوْسًا رَدِّ کُلِّ دَعْوَةٍ وَرَدِّ کُلِّ رَجْعَةٍ وَرَدِّ کُلِّ بَلِیَّاتٍ وَرَدِّ کُلِّ رِجَالِ الْغَیْبِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

دعا حاشیہ نبوی ﷺ

طریقہ زکوٰۃ 41 بار 41 دن پڑھ لیں۔ پھر صبح و شام سات بار تلاوت کریں۔ شرِ حاسد و قہر جابر وغیرہ سے خدا کی امان میں رہے گا اور کوئی گزند نہ پہنچے گی۔ اور ہر شش جہت و جسم پر تف کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ وَاِیَّاهُمْ فِیْ حِفْظِكَ وَعِیَاذِكَ وَعِیَالِكَ وَجِوَارِكَ وَاَمْنِكَ وَاَمَانَتِكَ وَحِزْبِكَ وَحِرْزِكَ وَكَنَفِكَ وَسِتْرِكَ وَلُطْفِكَ مِنْ کُلِّ شَرِّ شَیْطَانٍ وَّسُلْطَانٍ وَّاِنْسٍ وَّجَانٍّ وَّبَاغٍ وَّحَاسِدٍ وَّسَبُعٍ وَّحَیَّةٍ وَّعَقْرَبٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

آیات حفاظت 3 بار

وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ۔

وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۔ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً۔ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ۔ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۔ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ۔ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ۔ اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ۔ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ۔ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ۔ یاحفیظ یاحفیظ یاحفیظ یاحفیظ

زمین و آسمان آفتاب سے بچاؤ کیلئے

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ اعوذ باللہ سمیع العیم من الشیطن الرجیم۔ یاربك اعوذ بك من همزات الشیطن واعوذ بك رب ان یحضرون۔ رب اعوذ بکلمات الله التامات من شرما خلق۔ سلم قولا من رب رحیم۔ سلم علی نوح فی العلمین۔ سلم علی ابراهیم۔ سلم علی موسی وهارون۔ سلم علی ال یاسین۔ سلم هی حتی مطلع الفجر۔ وسلم علی المرسلین۔ بحرمة الم المص الر المر کهیعص طه طسم طس یس حم حمعسق ق ن آمین۔ اللهم یسرلی امری بجاه النبی الکریم صل الله علیه وسلم۔

تعویذ حفاظت یعنی حرز مرتضوی

اعوذ بکلمات الله التامات من غضبه وعقابه ومن شر عباده ومن همزات الشیاطین واعوذ بك رب ان یحضرون بحق یاحی یاقیوم یاحافظ یاحفیظ یارقیب یاوکیل یاالله یاسلم یاکبیر یامحیط یامهیمن یاقوی یامتین یامانع۔ الله حافظی الله ناصری الله ناظری الله شاهدی الله معی فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم۔ لا حول ولا قوة الا بالله لعلی العظیم۔ فالله خیر حفظا وهوارحم الراحمین۔ وسخرت الریاح والشیاطین والجن ولانس لسیدنا سلیمن علیه السلام۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ۔ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ یا حی حین لا حی فی دیمومة ملکه وبقائه یاحی۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔

لوح مبارک برائے روحانی حفاظت

شہزادہ منظور علی سمون صاحب

ماہنامہ خزینہ روحانیات شمارہ اپریل 2015ء کا یہ خاص نواں شمارہ برائے روحانی حفاظت آپ کے ہاتھ میں ہے۔ سال میں دو خاص نمبر شائع کرنا اچھی بات ہے۔ شائقین کسی ایک موضوع پر مجرب و معیاری عملیات سے مستفیض ہو جائیں گے۔

آج کے اس دور میں کچھ شریر لوگ حاسد، دشمن، مخالف حضرات و خواتین ہر وبھر وکسی پر ناجائز وغلط قسم کے سحر جادو، تعویذ، ٹونہ عملیات، تنتر، ٹوٹکے، کالا علم، سفلی عمل کے ذریعے نقصان پہنچاتے رہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کسی غریب کمزور نیک انسان، عزت دار انسان کا ہر لحاظ سے نقصان ہو جاتا ہے۔ مثلاً شادی و نکاح میں بندش ڈالنا، مال و دولت، ترقی کاروبار و ملازمت میں گڑبڑ کر دینا، کسی بیماری میں جکڑ دینا، الیکشن مقدمات امتحان میں کامیابی کو باندھ دینا، اولاد کی بندش، فصل زراعت کو باندھ دینا، یعنی دنیا کے ہر کام میں خلل ہو جاتا ہے۔

اس لیے اس خاص روحانی حفاظت نمبر شمارے کے لیے قرآن مجید سے لوح مبارک برائے حروف مقطعات نورانی سے فیض حاصل کرنے کے لیے سو فیصد مجرب آزمودہ عمل حاضر خدمت ہے۔

قرآن مجید کی ۱۱۴ سورتوں میں سے ۲۹ سورتیں ایسی ہیں جن کے اول میں حروف مقطعات نورانی آئے ہیں۔ یہ حروف مخفی رموز و اسرار میں سے ہیں جو معجزانہ طور پر بے شمار اسرار رکھتے ہیں۔ مقطعات نورانی کے حروف خالص ۱۴ بنتے ہیں۔

وضاحت: لوح مبارک روحانی حفاظت کو نوروز عالم افروز، شب برأت، شب معراج، شب قدر، بروز جمعہ یا کسی اور سعد وقت میں مکمل پاکی سے قواعد عملیات کے مطابق سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران کی سیاہی سے تیار کر کے پاس رکھیں۔

مختصر فوائد: روحانی حفاظت کے لیے یہ لوح مبارک مقطعات نورانی بڑی طاقت رکھتی ہے۔ دشمن کا کیا ہوا ہر وار علوی، سفلی، کالا، موہنی تنتر منتر، گنڈا تعویذ، ٹونہ ٹوٹکا، نقش، عمل وظیفہ سحر جادو، نظر بد کا ہرگز اثر نہ ہو گا۔ تیر، تلوار گولی، بم، بندوق، حادثہ، غرقابی سے حفاظت ہو گی۔ اس کے علاوہ بھی بے شمار فوائد حاصل ہوں۔

"لوحِ روحانی حفاظت یہ ہے"

۷۸۶

۱۶۵	۱۷۹	۱۷۶	۱۷۳
۱۷۷	۱۷۲	۱۶۶	۱۷۸
۱۷۱	۱۷۴	۱۸۱	۱۶۷
۱۸۰	۱۶۸	۱۷۹	۱۷۵

سورۃ یٰسین، صدقہ اور نیکی سے حفاظت

مولانا محمود الحسن صاحب مدظلہٗ

سورۂ یسین سے حفاظت

یہ بچے بھی عجیب بلائیں ہیں تمام گھر والوں کو ہر وقت پریشان رکھتے ہیں گھر میں ہوں پورا گھر سر پر اٹھا لیتے ہیں باہر نکل جائیں تو اور پریشانی کہیں دور نہ نکل جائیں کوئی نقصان نہ کر دیں۔ یا بچوں کو کوئی نقصان نہ پہنچا دے، مختلف قسم کے وسوسے آتے رہتے ہیں۔ میرے ساتھ تو یہ معاملہ بہت زیادہ ہے (مگر اب نہیں اب تو ماشاء اللہ دونوں بچے مدرسہ میں پڑھتے ہیں قرآن مجید حفظ کر رہے ہیں) عموماً جب باہر جاتے ہیں میرے لیے بہت پریشانی ہوتی تھی۔ فوراً باہر جاتا بچوں کو تلاش کر کے لاتا حتیٰ کہ میں تنگ آ گیا ایک دن میں نے دعا کی یا اللہ تیرے بندے ہیں تو خود حفاظت فرما اور واپس گھر پہنچا اور اس دعا کے ساتھ سورۃ یسین شریف کی تلاوت شروع کر دی ابھی سورۃ مکمل نہ ہوئی تھی کہ بچے گھر آ گئے پھر میرا معمول بن گیا۔ جب ضرورت پڑی فوراً تلاوت شروع کی اور بچے گھر آ گئے۔ آپ حضرات بھی اس عمل سے فائدہ اٹھائیں، تجربہ کیلئے نہیں بلکہ عاجزی و انکساری کے ساتھ اور رب کریم کے کرم کے نظارے دیکھیں۔

صدقہ سے حفاظت

2009ء کی بات ہے ایک مرتبہ میرا بڑا بیٹا محمد بلال گھر سے باہر نکل گیا معمول کے مطابق لیکن کافی دیر تک جب گھر نہ آیا صبح 8 بجے سے ایک بج گیا۔ لیکن بلال نہ آیا اور میں سورۃ یسین پڑھنا بھول گیا پورے محلے میں بات پھیل گئی قاری صاحب کا بیٹا گم ہو گیا کم و بیش 10 افراد تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ میں مسجد کے پاس سے گزر رہا تھا دل میں خیال آیا کہ اگر مال اللہ کے نام پر خرچ کیا جائے تو اس سے بھی اللہ تعالیٰ کرم فرماتے ہیں یہ سوچ کر جیب سے پیسے نکالے اور دعا کی یا اللہ یہ پیسے تیرے نام پر تو اس کی برکت سے میرا بیٹا مجھے ملا دے۔ ٹھیک 15-10 منٹ بعد اطلاع آئی کہ بیٹا مل گیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور جلد اپنے بیٹے کو لینے جب اس آدمی سے ملا جس کے پاس محمد بلال تھا اس آدمی نے کہا مولوی صاحب شکر کرو آج اپنے ہاتھ سے خرچ کیا ہوا مال کام آ گیا۔ میں نے حیرت سے پوچھا کیوں؟ کیا ہوا؟ کہنے لگا سامنے ٹرین کی پٹڑی پر کھڑا ہوا تھا اور ایک طرف سے گاڑی (ٹرین) آ رہی تھی اچانک میں نے تو بھاگ کر بچے کو اٹھایا اور اتنی دیر میں ٹرین گزر گئی (الحمد اللہ علی کل حال)

نیکی سے حفاظت

شیطان کا کام ہے انسانوں کو غافل رکھے اور ہمارے اکابرین فرماتے ہیں جو دم غافل سو دم کافر۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ جب بھی نقصان ہوا غفلت کی وجہ سے ہوا۔ (عموماً) صرف دو مثالیں عرض کرتا ہوں۔ جن لوگوں کو اکثر گاڑی کا سفر درپیش رہتا ہے وہ بخوبی اس بات سے واقف ہیں کہ ایکسیڈنٹ کا ہو جانا، ٹائر کا پنکچر ہونا، چالان ہونا یہ عام سی بات ہے۔ میں کہتا ہوں یہ بھی غفلت کی وجہ سے ہوتا ہے۔ دو تین بار تو خوفناک حادثہ سے اللہ تعالیٰ نے حفاظت فرمائی۔ وجہ صرف اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اور نیک عمل کی توفیق اور بس) آپ دوران سفر دیکھتے ہونگے، بہت مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ جب راستہ میں کوئی مجبور شخص ہاتھ سے اشارہ کرتا یعنی آپ سے لفٹ مانگتا ہے اور آپ لاپرواہی سے گزر جاتے ہیں۔ آئندہ کوششیں کریں کہ نیکی ضائع نہ ہو چند دن پہلے کی بات ہے میں بائیک پر جا رہا تھا حسب معمول آدمی میرے ساتھ تھا۔ مخالف سمت سے گاڑی آ رہی تھی تو مجھے ایسے لگا کہ کسی نے پکڑ کر ایک طرف کیا جب گاڑی گزر گئی پھر مجھے خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ نے اس نیکی کی وجہ سے حفاظت فرمائی۔ اس کے ساتھ چالان وغیرہ سے حفاظت کیلئے باتھ روم جانے کی دعا کا اہتمام کریں اور قدرت کے کرشمے دیکھیں۔ باقی اصل بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت وفضل و کرم کے امیدوار رہیں اور اپنے گناہوں کی وجہ سے ڈرتے رہیں رب العالمین اپنے محبوب ﷺ کے صدقے اور ہمارے اساتذہ کرام کی توجہات اور دعاؤں کے طفیل ہم سب کی حفاظت فرمائیں۔ آمین ثم آمین۔

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جارہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱)......عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظرِ بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یاحافظ یاحفیظ'' ❼ ''فراخی رزق'' کا مجرب عمل ❽ درود ابراہیمی ❾ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ❿ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل

(۲)......ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے۔

❶ درودِ تنجینا ❷ ''حصار'' کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الاباللہ کا عمل ❻ ''منزل'' کا پہلے درجے کا عمل ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ ''تسخیر'' کا خاص عمل ❾ درودِ خضری کا عمل ❿ سورۃ یٰسین کا عمل ⓫ ''سورۃ واقعہ'' کا خاص عمل برائے فراخی رزق

(۳)......علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ عالم ہونے کا ثبوت دینا لازمی ہے۔

❶ درودِ تنجینا ❷ ''منزل کے پہلے دو درجوں'' کے عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ ''آیت الکرسی'' کا خاص عمل ❻ ''معوذتین'' کا خاص عمل ❼ قصیدہ طوبیٰ ❽ قصیدہ حسنیٰ ❾ اسمِ ذات کا عمل ❿ عمل تہدیدی نامہ مبارک ⓫ ''جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت'' کا خاص عمل ⓬ نظرِ بد ختم کرنے کا دوسرے درجے کا عمل

(۴)......خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ بہت آسان عمل ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر خوف کے بغیر عمل کریں۔

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظرِ بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یاحافظ یاحفیظ'' ❼ عمل محبت ''یالطیف یاودود'' ❽ عمل زبان بندی

(۵)......روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جاسکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیت کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کرلیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی حفاظت کے اعمال

قیصر احمد بی۔ اے (کراچی)

معزز قارئین کرام! آج کے خطرناک دور میں انسان کو اپنی جان کی حفاظت کے لالے پڑ گئے ہیں۔ کہیں بم پھٹ رہے ہیں تو کہیں گولیاں چل رہی ہیں۔ کہیں لوٹ مار ہے تو کہیں شٹر ڈاؤن ہے۔ غرض انسان کو اپنی حفاظت کرنی مشکل ہوگئی ہے۔ صبح وہ اپنے گھر سے اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنے نکلتا ہے۔ اگر وہ شام کو اپنے گھر صحیح وسلامت پہنچ جائے تو یہ اللہ تعالیٰ کا معجزہ ہی کہلائے گا۔ بہر حال اللہ تعالیٰ سب مومنین و مسلمین کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ آمین ثم آمین۔

معزز قارئین کرام! اگر ہم حضور سرور کائنات محمد مصطفی ﷺ کے فرمودات وارشادات پر اور آپ ﷺ کی احادیث پر عمل کریں تو ہر وقت اللہ تعالیٰ کے حفظ وامان میں رہ سکتے ہیں۔ واضح رہے حضور ﷺ کا فرمان وارشاد اللہ جل جلالہٗ کا فرمان ہے۔ مگر ہم مسلمان اس پر عمل نہیں کرتے۔ اگر ہم آج عمل پیرا ہو جائیں تو خوشحال وخوشگوار زندگی آرام وسکھ چین سے بسر کریں اور میٹھی وچین کی نیند سوئیں۔

لیجئے! آج ہم آپ کی خدمت میں چند مجرب وآزمودہ اعمال ”روحانی حفاظت کے اعمال“ پیش کرتے ہیں۔ جو بھی کوئی ان اعمال پر عمل کرے گا، وہ ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ کی حفظ وامان میں رہے گا اور اس کا کوئی بال بیکا نہ ہو گا۔ حضرت رسالت مآب ﷺ نے فرمایا ”**انسان کا بہترین مال اور محفوظ سرمایہ صدقہ ہے**“۔

آج کل کے سنگین حالات کی وجہ سے لوگ اپنی جان ومال کا صدقہ نکالا کریں۔ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ صدقہ رد بلا ہے صدقہ موت کو ٹالتا ہے۔ صدقہ جب کسی ہاتھ سے دیا جاتا ہے تو وہ صدقہ دینے والے سے کہتا ہے:

1 فانی تھا، مجھے باقی بنا دیا۔ **2** چھوٹا وحقیر تھا، مجھے بزرگی بخشی۔ **3** دشمن تھا، مجھے دوست بنالیا۔ **4** تو میرا نگہبان ومحافظ تھا، اب میں تیرا محافظ ونگہبان ہوں۔

صدقہ بلاؤں مصیبتوں وآفتوں کو دور کرتا ہے۔ ایک کامیاب دوا ہے۔ صدقہ حتمی قضاء کو بھی ٹال دیتا ہے۔ صدقہ دینے سے دن کی نحوست دور ہوتی ہے۔ اسی طرح رات کا آغاز بھی صدقہ سے کرو۔ اس سے رات کی نحوست دور ہوتی ہے۔ جب بھی سفر کرو، اپنا سفر صدقہ سے شروع کرو اور آیت الکرسی ودرود شریف پڑھو۔

حصار برائے ہر بلا، مصیبت، آفت، جنگ وغیرہ

طریقہ: پہلے سات دفعہ آیت الکرسی اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی۔ درمیان میں یہ آیت تین مرتبہ پڑھے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ۫ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًاۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ (اعراف:54)

تین دفعہ اس کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے تمام جسم پر ہاتھ پھیرے اور شہادت کی انگلی پر پھونک مار کر پہلے اپنا حصار کرے۔ 24 گھنٹے تک ہر قسم کی بلا، آفت، تلوار، بندوق، توپ، بم وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ 24 گھنٹے کے بعد پھر یہی حصار کرے۔ دوران جنگ اگر صبح وشام کرے تو زیادہ بہتر ہے۔

دعائے روحانی حفظ وامان

جو شخص ہر روز بعد نماز فجر یہ دعا ایک بار پڑھے اور اپنے اہل وعیال پر دم کرلے تو اگر سات طبقہ آسمان وزمین زیر وزبر ہو جائیں تو ان شاء اللہ ان کا

بھی بال بیکا نہ ہوگا۔ اگر پتھر بھی آسمان سے برسیں تو حق تعالیٰ جل جلالہ انہیں اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ صدق دل سے پڑھنا شروع کیجئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔ يَاحَافِظُ يَاحَفِيْظُ يَالَطِيْفُ لِمَا يَشَآءُ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ۔

حصار برائے ہر بلا مصیبت و آفت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

